الکوحل سے متعلق شرعی احکام

مؤلف

مفتی سید عارف علی شاہ الحسینی

ناشر:

SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN

مؤلف

مفتی سید عارف علی شاہ الحسینی

ناشر:

SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN

کتاب کا نام: الکحل سے متعلق شرعی احکام

مؤلف کا نام: مفتی سید عارف علی شاہ الحسینی
PhD ریسرچ اسکالر کراچی یونیورسٹی

رکن: شریعہ ریسرچ ڈیپارٹمنٹ، حلال سرٹیفکیشن مینیجر
SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN

رکن: حلال فوڈز اسٹینڈرڈائزیشن ٹیکنیکل کمیٹیز
نیشنل اسٹینڈرڈائزیشن کمیٹی برائے حلال NSC HALAAL
پاکستان اسٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA)
وزارتِ سائنس و ٹیکنالوجی حکومتِ پاکستان

پہلا ایڈیشن: جمادی الثانی، 1439ھ / مارچ، 2018
ناشر: SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN
برائے رابطہ: 0092-03009061823, 0341365655
ای میل: info@sanha.org.pk

Table of Contents

فہرست عنوانات

عرضِ مؤلف 9

اظہارِ تشکر: 10

انتساب 12

مولانا محمد سعید نولکھی دامت برکاتہم کے نام 12

تقدیم 13

الکحل سے متعلق شرعی احکام 15

قرآن، سنت اور فقہ اسلامی کی روشنی میں 15

حصہ اول 16

نشہ، اسکار، (Intoxication) کی تعریف 16

نشہ آور اشیاء (Intoxicants) کی تعریف 16

نشہ آور اشیاء (Intoxicants) سے متعلق شرعی احکام 16

نشہ آور اشیاء (Intoxicants) کی قسمیں اور ان کے شرعی احکام سے متعلق مختلف فقہی آراء 17

پہلی قسم: خشک نشہ آور اشیاء (Solid Intoxicants): 17

خشک نشہ آور اشیاء (Solid Intoxicants) کے شرعی احکام: 17

دوسری قسم:　　مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء: 18

بہنے والی نشہ آور اشیاء (Liquid Intoxicants) کے شرعی احکام: 18

پہلی رائے: بہنے والی نشہ آور اشیاء (Liquid Intoxicants) کے شرعی احکام سے متعلق جمہور فقہاء کرام کا موقف: 19

دوسری رائے: بہنے والی نشہ آور اشیاء (Liquid Intoxicants) کے شرعی احکام سے متعلق احناف فقہاء کرام کا موقف: 19

پہلی قسم: خمر (شراب): 19

یعنی وہ شراب جس کو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بیان کیا ہے: 19

خمر (شراب) کی تعریف:(Definition) 20

خمر (شراب) کے شرعی احکام: 20

خمر (شراب) کے اجزاء ترکیبی: 20

فقہ اسلامی میں خمر (شراب) کے مختلف استعمالات کی مثالیں: 21

فائدہ: الکحل سے خالی وائن (Alcohol Free Wine) کا شرعی حکم: 25

دوسری قسم: "خمر" کے علاوہ انگور اور کھجور سے بننے والی تین خاص شرابیں: 25

(الف) الطلاء: 26

فائدہ: 26

سوال: 26

جواب: 27

فائدہ: 28

(ب) نقیع التمر: 28

(ج) "نقیع الزبیب: 28

خمر (شراب) کے علاوہ انگور اور کھجور سے بننے والی تین خاص شرابوں کے شرعی احکام: . 29

تیسری قسم: انگور اور کھجور سے بننے والی شرابوں کے علاوہ دیگر مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء(Liquid Intoxicants): 29

انگور اور کھجور سے بننے والی شرابوں کے علاوہ دیگر مائع (بہنے والی) نشہ آور اشیاء(Liquid Intoxicants) کے شرعی احکام: 29

تیسری رائے: علامہ ابنِ تیمیہؒ کا موقف: 31

چوتھی رائے: علامہ داؤد ظاہریؒ اور چند دیگر حضرات کا موقف: 32

حصہ دوم 33

الکحل سے متعلق شرعی احکام 33

ایتھائل الکحل یا ایتھانول(Ethyl Alcohol/Ethanol) الکحل کی تعریف: 33

شرعی نقطہ نظر سے الکحل کے حصول کے ذرائع اور اس کی مختلف اقسام(Types & Sources of Alcohol) 34

پہلی قسم: قدرتی ذرائع سے حاصل ہونے والا ایتھائل الکحل: 34

دوسری قسم: مصنوعی ذرائع سے حاصل شدہ الکحل: 35

الکحل (Alcohol) سے متعلق شرعی احکام 35

1۔ مضر الکحل سے متعلق شرعی احکام: 35

2۔ نشہ آور الکحل سے متعلق شرعی احکام: 36

نشہ آور الکحل کے شرعی احکام سے متعلق مختلف فقہی آراء 36

پہلی رائے: نشہ آور الکحل کے شرعی احکام سے متعلق جمہور فقہاء کرام کا موقف: 37

دوسری رائے: نشہ آور الکحل کے شرعی احکام سے متعلق احناف فقہاء کرام کا موقف: . 37

پہلی قسم: انگور اور کھجور سے کشید کیے گئے الکحل کا شرعی حکم: 37

دوسری قسم: انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر اشیاء سے بنا الکحل کا شرعی حکم: 37

الکحل (Alcohol) کے شرعی احکام سے متعلق راجح قول: 38

الکحل (Alcohol) سے متعلق مختلف حلال معیارات کا خلاصہ: 39

فائدہ: ہمارے نزدیک احناف کی رائے راجح ہے: 42

فائدہ: سرکہ بننے کے بعد اس میں الکحل کی مقدار کتنے فیصد باقی رہتی ہے؟ 42

انڈسٹری وائز الکحل (Alcohol) کے استعمال کا شرعی حکم 42

فوڈ انڈسٹری میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم 43

کھانے پینے کی مصنوعات میں استعمال ہونے والے کیمیکل اور فلیور انڈسٹری میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم (Food Grade Chemicals & Flavors) 43

مشروبات کی انڈسٹری میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم 44

فارما انڈسٹری میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم 44

سنگھار اور ذاتی استعمال کی صنعت (Cosmetics & Personal care Products Industry) میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم 45

صفائی ستھرائی کا سامان (Cleaning Products)، رنگ وروغن (Paints Varnishes) اور (Air Freshener) وغیرہ کی صنعت میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم 45

ضمیمہ 46

پکی شراب کا بیان 46

فقہ اسلامی اور جدید سائنس کی روشنی میں 46

پکی شراب کے بارے جدید سائنس کے ماہرین کی آراء: 46

چینی (Sugar) کی وہ کون سی مقدار ہے، جس میں خمیر (Yeast) کام نہیں کرسکتا: . 47

پہلی رائے: 47

دوسری رائے: 48

تیسری رائے: 48

انگور کے رس (Juice) میں شوگر کی فیصدی مقدار اور تخمیر (Alcoholic fermentation) کا امکان:........ 48
فقہ اسلامی کی روشنی میں پکنے کے بعد بننے والی شرابوں کا جائزہ: 49
انگور سے بننے والی پکی شراب (طلاء) کا بیان: 50
"طلاء" کا لغوی مفہوم:........ 50
"طلاء" کی اصطلاحی تعریف:........ 51
پہلی تعریف: 51
دوسری تعریف: 54
دونوں تعریفوں میں وجہ فرق:........ 61
طلاء کی راجح تعریف: 61
سوال: طلاء کی وجہ تسمیہ کیا ہے اور اس کے شرعی حکم کی وجہ کیا ہے؟........ 61
خلاصہ بحث: 62
مراجع و مصادر 65
(References)........ 65

عرضِ مؤلف

کسی چیز کا نشہ آور ہونا حلال و حرام کا ایک بہت بڑا شرعی معیار ہے، جس پر تفسیر، حدیث اور فقہ اسلامی میں تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔ جس کا کچھ خلاصہ اس کتاب میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس موضوع پر مستقل کتاب لکھنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عصرِ حاضر میں حلال انڈسٹری کے لیے وضع کردہ معیارات و قوانین میں عام نشہ آور اشیاء پر بالعموم اور الکوحل کے کے مسئلے پر بالخصوص کافی توجہ دی گئی ہے۔

چوں کہ الکوحل کے مسئلے میں جمہور اور احناف فقہاء کرام کے مابین دونوں طرف شرعی دلائل پر مبنی بعض مسائل کی تشریح میں رائے کا اختلاف ہے، جس کا اثر مختلف ممالک کے حلال کے معیارات میں بھی نظر آتا ہے اور جس کی وجہ سے حلال انڈسٹری سے وابستہ حضرات کو بسا اوقات یہ مسئلہ خصوصاً فقہ حنفی کا موقف سمجھنے میں دقت یا غلط فہمی پیش آتی ہے۔

نیز کچھ عالمی اداروں نے اس مسئلے میں اعتدال سے ہٹ کر افراط و تفریط پر مبنی رائے اختیار کی۔ اس وجہ سے اس مسئلے پر جنوری 2017 میں SANHA پاکستان کے شعبہ شرعی تحقیق کی میٹنگ میں اس مسئلے پر تفصیلی تحقیق کا فیصلہ ہوا جس کی ذمہ داری بندہ ناچیز کو سونپی گئی۔

چناں چہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قرآن، سنت اور فقہ مقارن (Combind Islamic Fiqh)، حلال انڈسٹری کے معیارات، متعلقہ موضوع پر ماہرینِ سائنس اور اور حلال انڈسٹری سے وابستہ حضرات کی آراء کی روشنی میں پیشِ نظر مجموعہ تیار ہوا۔

کتاب دو حصوں اور ایک ضمیمہ پر مشتمل ہے، پہلے حصے میں نشہ آور اشیاء، دوسری حصے میں الکحل سے متعلق شرعی احکام، جبکہ ضمیمہ میں فقہ اسلامی اور جدید سائنس کی روشنی میں پکی شراب کے حوالے سے تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

نوٹ: اس کتاب کا ابتدائی خاکہ اردو میں تیار ہوا تھا جو ایک مضمون کی شکل میں نومبر 2017 میں SANHA پاکستان کی ویب سائٹ پر آن لائن شائع بھی ہوا، اس کے ساتھ ساتھ کتاب کا انگریزی ترجمہ بھی مکمل ہوا جو بعض عالمی اداروں کی خواہش پر کتابی صورت میں نومبر 2017 میں شائع ہوا۔ بعد میں کتاب پر مزید نظر ثانی ہوئی اور اضافہ وترامیم کے بعد پیشِ نظر مجموعہ تیار ہوا، لہٰذا اب الکحل یا نشہ آور اشیاء سے متعلق شرعی احکام کے بارے میں بندہ کی رائے وہ ہے جو کتاب کے اس ایڈیشن میں درج ہے۔

اظہارِ تشکر:

بندہ IFANCA پاکستان کے سربراہ اور پاکستان اسٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) وزارتِ سائنس وٹیکنالوجی حکومتِ پاکستان کے ماتحت قائم نیشنل حلال اسٹینڈرڈائزیشن کمیٹی (NSC-Halaal) کے چیئرمین ریٹائرڈ پروفیسر محترم جناب ڈاکٹر جاوید عزیز اعوان صاحب اور وائس چیئرمین محترم جناب مفتی یوسف عبدالرزاق خان صاحب، (CEO SANHA PAKSITAN) کا تہہ دل سے شکرگزار ہے جنہوں نے اپنا قیمتی وقت عنایت فرماکر اس مضمون کی تیاری کے دوران فنی وشرعی حوالے سے راہنمائی فرمائی۔

اس کے ساتھ ساتھ بندہ SANHA پاکستان کے شرعی مشیر مفتی شعیب عالم صاحب زید مجدہم اور شعبہ شرعی تحقیق کے اراکین مفتی محمد احسن ظفر صاحب اور مفتی

محمد ابراہیم صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہے جنہوں نے کتاب کے مسودے پر نظرِ ثانی فرمائی اور کتاب کی تیاری کے ہر مرحلہ پر راہنمائی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو دین ودنیا کی خیر وبرکت سے نوازے جنہوں نے کتاب کی تیاری میں کسی بھی مرحلے پر تعاون فرمایا۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے بندہ کے والدین، اساتذہ کرام اور ادارے کے ساتھیوں کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

سید عارف علی شاہ الحسینی

06 جمادی الثانی، 1439، بدھ، 21 فروری، 2018

انتساب

عالمی سطح پر حلال انڈسٹری کی بے لوث خدمت کرنے والی عظیم شخصیت

ساؤتھ افریقن نیشنل حلال اتھارٹی کے مؤسس خاص وسربراہ،

پاکستان کے معروف دینی ادارے

جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوریؒ ٹاؤن کراچی کے فاضل

مولانا محمد سعید نولکھی دامت برکاتہم کے نام

جن کی تربیت کی برکت سے بندہ کو شعبہ حلال کی نسبت اور خدمت کا موقع ملا۔
اللہ رب العزت ان کو دنیاوآخرت کی کامیابیاں وبھلائیاں عطا فرمائے۔

آمین

تقدیم

یہ ہمارے ایمان کا حصہ ہے کہ اسلام اللہ تعالیٰ کا آخری دین ہے جو قیامت تک کے لئے ہے لہذا اللہ کی یہ سنت ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ مسلمانوں میں سے محض اپنے کرم سے ایسے افراد یا جماعت کا انتخاب فرمالیتے ہیں جو زمانے کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے دین کی روح کو بر قرار رکھتے ہوئے اس کی تشریح کرتے ہیں اور عوام کی رہنمائی کرتے ہیں۔

تقریبا ڈیڑھ سال قبل رمضان المبارک کی ایک رات حضرت مولانا یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی ایک تحریر ان کی کتاب بصائر وعبر میں نظر سے گزری، جس میں حضرت نے ایک خواہش کا اظہار فرمایا ہے کہ علماء کی ایک کمیٹی ہونی چاہئے جو جدید مسائل پر تحقیق کرے اور شریعت کی روشنی میں امت کی رہنمائی کرے۔ یہ پڑھ کر ایک عجیب سی کیفیت میرے دل میں پیدا ہوئی جس کے نتیجہ میں یہ فیصلہ کیا کہ اگر اللہ تعالی نے توفیق دی تو اپنے بزرگوں کی اس خواہش کو انشاء اللہ میں بھی اپنی استطاعت کے مطابق پورا کرنے کی کوشش کروں گا۔ یکم اگست 2016 کو "سنحا" پاکستان کے تمام مفتیان کو جمع کرکے اپنے ارادے کا اظہار کیا اور سب کی رائے سے مستقل ایک شعبہ شرعی تحقیق کے نام سے قائم کردیا گیا جو الحمدللہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے کام کررہا ہے۔ اس وقت الحمد للہ کم وبیش پندرہ تحقیقی مقالے تیار ہوچکے ہیں جو ان شاء اللہ عنقریب یکجا شایع کردیے جائیں گے۔

یہ محض اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ "سنحا" پاکستان کا واحد حلال کا تصدیقی ادارہ ہے جس میں پانچ مفتیان کرام خدمت انجام دے رہے ہیں جو درس نظامی اورافتاء کے ساتھ انڈسٹری، منجمنٹ سسٹم، آڈٹ وغیرہ کی بھی تربیت اور وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

بحیثیت اس کمیٹی کے سربراہ کے یہ میری ذمہ داری ہے کہ ماکولات ومشروبات سے متعلق مسائل پر نظر رکھوں اور تحقیق طلب موضوعات پر تحریرات تیار کراؤں تاکہ امت کے لیے نفع رسانی کا سبب بن سکوں۔

مفتی سید عارف علی شاہ صاحب ماشاء اللہ فقہ مقارن کا وسیع مطالعہ، تجربہ اور ذوق رکھتے ہیں لہذا اس موضوع پر تحقیق ان کے سپرد کی گئی، شریعت اور جدید تحقیقات کو مد نظر رکھ کر الکحل سے متعلق تحقیق کم وبیش چھ ماہ میں مکمل ہوئی۔ الکحل ایک انتہائی نازک موضوع ہے لہذا باقی ممبران بھی مستقل تعاون میں شریک رہے تاکہ اس حساس موضوع میں غلطی کا امکان کم سے کم رہے۔

موضوع پر کام ایک ماہ قبل مکمل ہو کر آخری پروف ریڈنگ کے مرحلے میں تھا کہ اطلاع آئی کہ مسلمانوں کے ایک عالمی ادارے نے ہر قسم کی الکوحل کے خارجی استعمال کے جواز کی رائے پیش کی ہے جو کسی بھی مسلمان ملک کے حلال کے معیارات میں نہیں ہے اس رائے کو بحیثیت مجموعی امت مسلمہ نے چودہ سال میں کبھی قبول نہیں کیا تو اسے کیسے درست تسلیم کیا جاسکتا تھا؟ لہذا اس پہلو پر بھی مدلل اضافہ کرنا پڑا تاکہ امت کی رائے برقرار رکھا جاسکے اور ایک طے شدہ امر کو متنازع بننے سے روکا جاسکے۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبولیت کا درجہ بخشے اور امت مسلمہ کے لئے نافع بنائے۔ آمین

بندہ خدا

یوسف عبد الرزاق

جمعہ، 11 ربیع الثانی، 1439

الکحل سے متعلق شرعی احکام
قرآن، سنت اور فقہ اسلامی کی روشنی میں

الکحل ایک نشہ آور مادہ ہے جس کی طرف کئی شرعی احکام متوجہ ہوتے ہیں، لہٰذا ضروری ہے کہ الکحل پر تفصیلی بحث کرنے سے پہلے نشہ آور اشیاء (Intoxicants) سے متعلق ضروری شرعی تفصیل ذکر کی جائے۔ اس لیے الکحل سے متعلق بحث کو دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں:

حصہ اول:

1. نشہ (اسکار، Intoxication) کی تعریف
2. نشہ آور اشیاء کی تعریف
3. نشہ آور اشیاء سے متعلق شرعی احکام
4. نشہ آور اشیاء کی قسمیں اور ان کے شرعی احکام سے متعلق مختلف فقہی آراء

حصہ دوم:

5. الکحل کی تعریف و حقیقت
6. شرعی نقطہ نظر سے الکحل کے حصول کے ذرائع اور اس کی مختلف اقسام
7. شرعی نقطہ نظر سے الکحل کے مختلف استعمالات (Uses of Alcohol)
8. الکحل (Alcohol) سے متعلق شرعی احکام اور مختلف فقہی آراء

حصہ اول

نشہ،اسکار، (Intoxication)کی تعریف

کسی چیز کے نشہ آور ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے استعمال سے انسان کی عقل کام چھوڑ دے اور وہ اپنا ہوش وحواس کھو بیٹھے اور بہکی بہکی باتیں کرنے لگے، انسان کو کچھ پتہ نہ چلے کہ وہ کیا بول رہا ہے؟(1)

واضح رہے کہ کسی چیز کے نشہ آور ہونے نہ ہونے میں معتدل مزاج عام لوگوں کی اکثریت کا اعتبار ہو گا۔ نشے کے عادی یا غیر معتدل مزاج لوگوں کا اعتبار نہیں ہو گا۔(2)

نشہ آور اشیاء (Intoxicants)کی تعریف

نشہ آور اشیاءسے مراد ایسی چیزیں ہیں، جن کے استعمال سے مذکورہ درجے کا نشہ ہوتا ہو، شرعی اصطلاح میں ان کو "مسکر" (Intoxicant) کہا جاتا ہے اور جن کے استعمال سے انسان کو نشہ ہوتا ہو، مثلاً شراب، چرس، افیون وغیرہ۔ ایسی چیزوں کی طرف شرعی احکام (حرمت، نجاست یا "حد" وغیرہ) متوجہ ہوتے ہیں۔

اس سے مراد ایسی چیزیں نہیں جن میں بالفعل(Actual) نشہ موجود نہ ہو اور جن کے استعمال سے براہ راست انسان کو نشہ نہیں ہوتا بلکہ وہ بالقوۃ (Potentially) نشہ آور ہو جو بذات خود تو مسکر نہیں، البتہ کسی نشہ آور چیز کے لیے خام مال (Raw-Material)بن سکے۔ مثلاً انگور، کھجور اور مختلف اناج (Grains) یا پھل پھول وغیرہ۔

نشہ آور اشیاء (Intoxicants)سے متعلق شرعی احکام

نشہ آور اشیاء پر شریعت کے مختلف احکام لاگو ہوتے ہیں جن میں ہمارے موضوع سے متعلق درجِ ذیل احکام اہم ہیں:

1۔حرمت(حرام ہونا): بنیادی طور پر تمام نشہ آور اشیاء کا استعمال شرعاً ناجائز اور حرام ہے، اس کے بارے میں فقہاء کرام نے کافی تفصیل ذکر کی ہے۔(3)

2۔نجاست: نشہ آور اشیاء کا دوسرا شرعی حکم ان کی نجاست وطہارت کا ہے، اس حکم کے بارے میں بھی فقہاء کرام کی کئی آراء ہیں۔(4)

3۔خریدوفروخت: نشہ آور اشیاء کی خرید وفروخت کے شرعی حکم سے متعلق بھی فقہاء کرام کی کئی آراء ہیں۔(5) جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

نشہ آور اشیاء (Intoxicants)کی قسمیں اور ان کے شرعی احکام سے متعلق مختلف فقہی آراء

نشہ آور اشیاء کی بہت ساری قسمیں ہیں اور ان کے کئی استعمالات ہیں لیکن شرعی نقطہ نظر سے نشہ آور اشیاء کی دو بنیادی قسمیں ہیں:

خشک نشہ آور اشیاء، مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء

پہلی قسم:خشک نشہ آور اشیاء (Solid Intoxicants):

خشک نشہ آور اشیاء سے مراد وہ چیزیں ہیں جن میں اصلاً خشک و جامد صورت میں نشہ ہوتا ہے اور اس مقصد کے لیے ان کا استعمال خشک یا جامد صورت(Solid Form) میں ہوتا ہے۔(6) مثلاً کوکین، افیون، چرس، مورفین، ہیروئین وغیرہ

خشک نشہ آور اشیاء (Solid Intoxicants)کے شرعی احکام:

حلت وحرمت: خشک نشہ آور اشیاء کا کسی جائز مقصد یا ضرورت کے لیے اتنی کم مقدار کا استعمال، جس سے نشہ نہ ہو، حرام نہیں۔البتہ اس کی اتنی مقدار کا استعمال، جس سے نشہ ہو تو وہ نشہ کی وجہ سے حرام ہے۔(7)

طہارت ونجاست: خشک نشہ آور اشیاء تمام فقہاء کرام کی رائے میں بذاتِ خود نجس وناپاک نہیں۔(8)

خرید وفروخت: خشک نشہ آور اشیاء کا کسی جائز مقصد یا ضرورت کے لیے کاروبار اور خرید وفروخت جائز ہے۔براہِ راست ناجائز مقصد کے لیے ناجائز ہے، جیسے دواسازی وغیرہ کی صنعت کے لیے افیون (Opium) کی فراہمی جائز ہے، لیکن نشہ آور مصنوعات بنانے کے لیے خام مال کی فراہمی جائز نہیں۔(9)

دوسری قسم: مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء:

مائع یا سیال نشہ آور اشیاء سے مراد وہ چیزیں ہیں جن میں اصولی طور پر سیال یعنی مائع حالت(Liquid Form) میں نشہ ہوتا ہے اور اس مقصد کے لیے ان کا استعمال سیال مائع یعنی بہنے والی مشروب کی صورت(Liquid Form) میں ہوتا ہے۔ مثلاً شراب (خمر)،وائن،بئر وغیرہ۔(10)

بہنے والی نشہ آور اشیاء (Liquid Intoxicants)کے شرعی احکام:

اس حوالے سے فقہاء کرام کی دو مشہور رائے ہیں جس کو امت نے قبول کیا ہے اور جن پر امتِ مسلمہ کا عمل ہے۔ایک جمہور کی رائے،دوسری احناف کی رائے۔

جبکہ نشہ آور اشیاء کی طہارت ونجاست کے بارے میں دو اور قول بھی ہیں جن کو امت نے قبول نہیں کیا،جس کی تفصیل آخر میں علمی فائدے کے طور پر ذکر کرتے ہیں۔

پہلی رائے : بہنے والی نشہ آور اشیاء (Liquid Intoxicants)کے شرعی احکام سے متعلق جمہور فقہاء کرام کا موقف:

جمہور فقہاء کرام (امام مالک، امام شافعی، امام احمد اوراحناف سے امام محمد بن الحسن رحمہم اللہ)کا موقف یہ ہے کہ تمام مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء"خمر" کے مصداق میں داخل ہیں؛اور تمام بہنے والی نشہ آور اشیاءپر "خمر" کے احکام جاری ہوں گے لہذا

- تمام مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء کا ہر قسم کا استعمال حرام ہیں۔ (11)
- تمام مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء نجس ہیں۔(12)
- تمام بہنے والی نشہ آور اشیاء کی خرید وفروخت اور کاروبار حرام ہیں۔(13)

نوٹ: جمہور فقہاء کرام کے نزدیک ایتھائل الکوحل کا بھی وہی حکم ہو گا جو دیگر تمام مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء کا ہے۔

دوسری رائے: بہنے والی نشہ آور اشیاء (Liquid Intoxicants)کے شرعی احکام سے متعلق احناف فقہاء کرام کا موقف:

فقہ حنفی کے مطابق شرعی اعتبار سے مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء کی تین قسمیں (Categories)بنتی ہیں جس کی تفصیل درجِ ذیل ہے:

پہلی قسم: خمر (شراب):

یعنی وہ شراب جس کو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بیان کیا ہے:

{ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ} [المائدة: **90**]

ترجمہ: اے ایمان والو! شراب، جوا، بتوں کے تھان اور جوئے کے تیر، یہ سب ناپاک شیطانی کام ہیں، لہٰذا ان سے بچو، تاکہ تمہیں فلاح حاصل ہو۔

خمر (شراب) کی تعریف: (Definition)

فقہ حنفی کے مطابق حقیقی "خمر" کا مطلب ہے، انگور کے کچے رس (ماء العنب) کو پکائے یا کوئی چیز ملائے بغیر اپنی حالت پر چھوڑ دیا جائے، یہاں تک کہ اس میں ابال (بلبلے) پیدا ہو، ذائقے میں تیزی (شدت) آجائے اور جھاگ چھوڑنے لگے۔ انگور کی اس کچی شراب کے علاوہ دوسری چیزوں پر "خمر" کا اطلاق احناف کے نزدیک مجازی ہوتا ہے جس کی وجہ سے حقیقی خمر کے کچھ احکام جاری ہوں گے اور کچھ احکام میں تخفیف ہوگی۔(14)

خمر (شراب) کے شرعی احکام:

- خمر (شراب) کا ہر قسم کا استعمال حرام ہے۔(15)
- خمر (شراب) نجس العین ہے۔(16)
- خمر (شراب) کی خرید و فروخت یا کسی بھی قسم کا کاروبار حرام ہے۔(17)

خمر (شراب) کے اجزاء ترکیبی:

جس طرح شریعت میں کسی مشروب یا پانی کی تین بنیادی اوصاف (Main Properties) بیان کئے گئے ہیں، رنگ (Color)، بو (Smell)، مزہ (Test) اسی طرح کیمیائی اعتبار سے شراب یا خمر کے بھی مختلف اوصاف و اجزاء ہوتے ہیں، مثلاً پانی (Water)، چینی (Sugar/Carbohydrates)، الکوحل (Alcohol)، بعض قدرتی اجزاء (Minerals)، ذائقہ، کھٹاس (Acids/Tartaric Acid)، بو (Aroma)، نائٹروجن کمپاؤنڈز (Nitrogenous compounds)، غیر نامیاتی مادے (Inorganic substances)، اور مختلف دوسرے کیمیکل کمپاؤنڈز جیسے (Phenolics) وغیرہ۔(18)

شریعتِ اسلامیہ میں شراب (خمر) اپنے تمام اجزاء کے ساتھ حرام اور نجس ہے اس لیے اس کے کسی بھی جزء کا، کسی مقصد کے لیے، کسی بھی طرح کا خارجی یا داخلی استعمال اور اس کی خرید و فروخت اصالۃً ناجائز اور حرام ہے۔

فقہ اسلامی میں خمر (شراب) کے مختلف استعمالات کی مثالیں:

احناف کے مشہور عالم علامہ علاء الدین، أبو بکر بن مسعود کاسانی (متوفی:587ھ) فرماتے ہیں کہ شراب (خمر) کم مقدار میں ہو یا زیادہ، بہر حال حرام ہے۔

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 112)

أما الخمر فيتعلق بها أحكام؛ (منها) أنه يحرم شرب قليلها وكثيرها إلا عند الضرورة لأنها محرمة العين فيستوي في الحرمة قليلها وكثيرها

علامہ ابن الہمام (متوفی: 861ھ) شراب یعنی خمر سے متعلق فرماتے ہیں کہ خمر ذاتی طور پر حرام ہے، نشے کی صفت کی وجہ سے نہیں اور نہ ہی اس کی حرمت نشے پر موقوف ہے، یہ پیشاب کی طرح کی طرح نجاستِ غلیظہ ہے؛ کیوں کہ اس کی نجاست نصِ قطعی یعنی قرآن سے ثابت ہے، یہ مسلمان کے لیے مال متقوم (Valuable) نہیں، اس سے فائدہ اٹھانا حرام ہے؛ کیوں کہ نجس چیز سے فائدہ حرام ہے۔

فتح القدير للكمال ابن الهمام (10/ 94)

عينها حرام غير معلول بالسكر ولا موقوف علي.....أنها نجسة نجاسة غليظة كالبول لثبوتها بالدلائل القطعية على ما بينا.....سقوط تقومها في حق المسلم-----حرمة الانتفاع بها؛ لأن الانتفاع بالنجس حرام، ولأنه واجب الاجتناب وفي الانتفاع به اقتراب.

علامہ محمد بن محمد بابرتي (متوفی: 786ھ) فرماتے ہیں کہ انسانی استعمال میں کھانے پینے کے علاوہ ادویات بلکہ حیوانات کو پلانا بھی حرام ہے۔

العناية شرح الهداية (10/ 96) وقوله (والسابع حرمة الانتفاع بها) يريد التداوي بالاحتقان وسقي الدواب والإقطار في الإحليل ، ايضا: البناية شرح الهداية (12/ 356)

علامہ شامی فرماتے ہیں کہ گندم شراب یعنی خمر میں پک جائے وہ ہمیشہ کے لیے نجس اور حرام ہو گئی۔

الدر المختار شرح تنوير الأبصار : (ص: 48)حنطة طبخت في خمر لا تطهر أبدا، به يفتى.

کسی لیکوڈ میں شراب مل جائے وہ پورا نجس ہو جاتا ہے۔

رد المحتار:1/ 315: والخل النجس إذا صب في خمر فصار خلا يكون نجسا.

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ علاج معالجہ، دواء، خوشبو (Perfume) ، تیل (Oil) وغیرہ، حتیٰ کہ اسقاطِ حمل (Abortion) سمیت کسی بھی مقصد کے لیے خمر کا استعمال حرام ہے۔

البناية شرح الهداية (12/ 356)

ش: قال صاحب " العناية ": يريد بحرمة الانتفاع التداوي بالاحتقان، وسقي الدواب، والإقطار في الإحليل. قلت: أخذ هذا من كلام الكاكي....ولكن قوله: حرمة الانتفاع أعم من هذه الثلاثة، والتخصيص بها تحكم، بل لا يجوز استعمالها في دهن أو طيب ونحوهما، ولا يجوز الإسقاط بها، وكذا التداوي....ولا يجوز سقيها للدواب.

علامہ عینیؒ کے اس بیان سے واضح ہوا کہ ماکولات، مشروبات، ادویات، کاسمیٹکس، فلیورنگ سمیت ہر انڈسٹری میں خمر اور اس سے کشیدہ الکحل کا استعمال حرام ہے۔

شراب کا ذائقہ اور اس کی بو بھی اس کے اجزاء کی طرح نجس اور حرام ہیں، بایں معنی کہ کہ شراب سے ذائقے یا خوشبو ومہک (flavour & essence/ aroma) کے لیے کوئی چیز نکالی گئی، اور اس کو کسی پراڈکٹ میں ملایا گیا تو تمام ایسی پراڈکٹس جن میں شراب (خمر) کا استعمال نشے کے علاوہ محض ذائقے یا خوشبو ومہک یا کسی بھی مقصد کے لیے ہو ایسی مصنوعات کا استعمال حرام ہے۔ چناں چہ فقہاء کرام نے فرمایا ہے کہ شراب

نجاستِ غلیظہ کی طرح ناپاک ہے اس کے ساتھ نماز جائز نہیں، شراب کی بو (Aroma/Smell) بھی حرام ہے، شراب کی بو بھی اس کے اجزاء کی بقاء کی دلیل ہے، کسی جانور کو شراب پلایا تو اس کا گوشت کھانا بھی مکروہ ہے کیوں کہ شراب نے اس کے جسم میں سرایت کی ہے۔

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 113)

ولو بل بها الحنطة فغسلت وجففت وطحنت، فإن لم يوجد منها طعم الخمر ورائحتها يحل أكله وإن وجد لا يحل لأن قيام الطعم والرائحة دليل بقاء أجزاء الخمر، وزوالها دليل زوالها ولو سقيت بهيمة منها ثم ذبحت فإن ذبحت ساعة ما سقيت به تحل من غير كراهة لأنها في أمعائها بعد فتطهر بالغسل وإن مضى عليها يوم أو أكثر تحل مع الكراهة لاحتمال أنها تفرقت في العروق والأعصاب.

علامہ زیلعی (متوفی: 743ھ) فرماتے ہیں کہ شراب پک جائے اور اس کا نشہ ختم ہو جائے تب بھی حرام ہے۔

تبيين الحقائق (6/ 45) الطبخ لا يؤثر فيها لأنه للمنع من ثبوت الحرمة لا لرفعها بعد ثبوتها

ملتقى الأبحر (ص: 248)

ولو طبخ الخمر أو غيره بعد الاشتداد حتى ذهب ثلثاه لم يحل؛ لأن الحرمة قد تقررت فلا ترتفع بالطبخ

شراب اڑنے (Evaporate) ہونے کے بعد بھی حرام ہے لہٰذا فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ ایسی روٹی کا کھانا جائز نہیں جس کے آٹے کو شراب سے گوندا گیا ہو، حالانکہ یہ معلوم ہے کہ پکنے کے بعد شراب اڑ جاتی ہے۔

فتح القدير (10/ 108) ويكره أكل خبز عجن عجينه بالخمر لقيام أجزاء الخمر فيه.

علامہ سرخسی فرماتے ہیں کہ شراب میں پکایا گیا کھانا، سالن روٹی حرام ہے۔

المبسوط للسرخسي (24/ 25)

فإن صنع الخمر في مرقة، ثم طبخ لم يحل أكله، ولا يحل هذا الصنع؛ لأن فيه استعمال الخمر كاستعمال الخل ..... ثم الطبخ في الخمر لا يحلها، ولا يغير الحكم الثابت فيها.

مزید فرماتے ہیں کہ شراب میں گوندا گیا آٹا ہمیشہ کے لیے نجس ہو گیا اب یہ پاک نہیں ہو سکتا

المبسوط للسرخسي (24/ 25)

ولو عجن الدقيق بالخمر، ثم خبز كرهت أكله؛ لأن الدقيق تنجس بالخمر، والعجين النجس لا يطهر بالخبز، فلا يحل أكله.

شراب حیوانات کو پلانا بھی حرام ہے۔

المبسوط للسرخسي (24/ 25) ويكره أن يسقى الدواب الخمر.

پانی کے کسی برتن (ماء قلیل) میں شراب کا ایک قطرہ گر جائے تو یہ پورا پانی ناپاک ہو جاتا ہے اگرچہ اس پانی میں شراب کا ذائقہ محسوس نہ ہو۔

المبسوط للسرخسي (24/ 28)

لو وقعت قطرة من خمر في إناء فيه ماء؛ لأن ماء الإناء قد تنجس، فلا يحل شربه، وإن كان لا يوجد فيه طعم الخمر.

کسی ایسے دستر خوان یا میز پر کھانا جائز نہیں جس پر شراب پی جاتی ہو۔

المبسوط للسرخسي (24/ 34)

ويكره للرجل أن يأكل على مائدة يشرب عليها الخمر هكذا نقل «عن رسول الله – صلى الله عليه وسلم – أنه نهى أن يأكل المسلم على مائدة يشرب عليها الخمر»

سرمہ، دواء یا مرہم پٹی وغیرہ میں شراب کا استعمال ناجائز ہے۔

المبسوط للسرخسي (24/ 35)

وإذا استعط الرجل بالخمر، أو اكتحل بها، أو اقتطرها في أذنه، أو داوى بها جائفة، أو آمة، فوصل إلى دماغه، فلا حد عليه...... ولو عجن دواء بخمر، ولته، أو جعلها أحد أخلاط الدواء، ثم شربها، والدواء هو الغالب، فلا حد عليه، وإن كانت الخمر هي الغالبة، فإنه يحد؛ لأن المغلوب يصير مستهلكا بالغالب إذا كان من خلاف جنسه، والحكم للغالب.

شراب کے تمام اجزاء نجس ہیں، چاہے وہ الگ الگ ہوں یا اکٹھے۔

الهداية في شرح بداية المبتدي (4/ 399)

ولو جعل الخمر في مرقة لا تؤكل لتنجسها بها ولا حد ما لم يسكر منه؛ لأنه أصابه الطبخ "ويكره أكل خبز عجن عجينه بالخمر" لقيام أجزاء الخمر فيه.

العناية شرح الهداية 10/ 108: ويكره أكل خبز عجن عجينه بالخمر لقيام أجزاء الخمر فيه.

کسی چیز میں شراب یعنی خمر سرایت کر جائے تو وہ دھونے سے پاک نہیں ہوتی۔

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشلبي (1/ 76)

والخبز الذي عجن بالخمر لا يطهر بالغسل.

فائدہ: الکحل سے خالی وائن (Alcohol Free Wine) کا شرعی حکم:

مذکورہ بالا تفصیلی فقہی دلائل سے معلوم ہوا کہ شراب (خمر) بحیثیتِ مجموعی مکمل نجس اور حرام ہے اس لیے اگر اس میں سے الکوحل یا کوئی بھی اور جزء مثلاً ٹارٹارک ایسیڈ (Tartaric acid) وغیرہ کسی جزو کو نکال بھی لیا جائے، تب یہ نکالا ہوا اجزء اور بقایا مجموعہ مکمل طور پر نجس ہے۔ لہٰذا الکوحل فری وائن کے نام سے جو مشروبات ملتی ہیں وہ بھی حرام اور نجس ہیں۔ جمہور اور احناف سمیت تمام مکاتبِ فکر کے نزدیک الکحل فری وائن کا کسی بھی قسم کا استعمال جائز نہیں اسی طرح وہ مصنوعات بھی حرام ہیں جن میں خمر سے حاصل کیا گیا نجس الکوحل کو ذائقے، خوشبو یا کسی بھی اور مقصد کے لیے استعمال کیا گیا اور بعد میں عملِ تبخیر (Evaporation) کے ذریعے الکوحل کو ختم کیا گیا ہو، جیسا کہ روٹی سالن وغیرہ کی مثالوں سے واضح ہوا۔

دوسری قسم: "خمر" کے علاوہ انگور اور کھجور سے بننے والی تین خاص شرابیں:

فقہ حنفی کے مطابق تین اور شرابیں ہیں جن کا اکثر شرعی احکام میں خمر کے ساتھ ملحق کیا گیا ہے:

(الف) الطلاء:

انگور کا جوس جب اتنا پکایا جائے، کہ اس کے دو ثلث سے کم مقدار بخارات بن کر ختم ہو جائے، (اور ٹھنڈا ہونے کے بعد) اس میں ابال (بلبلے) پیدا ہو، اس میں تیزی (شدت) اور گھاڑا پن آجائے، (پکانے کے بعد انگور کے رس میں نشہ، تخمیر (Fermentation) یا کسی بھی دوسرے عمل کے نتیجے میں پیدا ہو جائے) اس میں نشہ پیدا ہو جائے اور جھاگ چھوڑنے لگے۔(19) انگور کی اس تفصیل کے ساتھ پکی شراب کو "طِلاء" کہتے ہیں۔

فائدہ:

ماہرین فرماتے ہیں کہ انگور کے رس میں موجود پانی کو پکا کر یا کسی بھی دوسرے طریقے سے گرم کر کے ایک خاص مقدار سے زیادہ اڑا کر ختم (Evaporate) کیا جائے، تو بقایا میٹھی مشروب میں شوگر کی مقدار بڑھ جاتی ہے جس کی وجہ سے اس میں دوبارہ پانی ملا کر پتلا (Dilute) کیے بغیر شوگر کو الکحل میں تبدیل کرنے والا خمیر (Yeast) کام نہیں کر سکتا، لہذا اس میں نشہ بھی نہیں ہو گا، خمیر (Yeast) کو عمل سے روکنے کے لیے شوگر کی یہ آخری حد بعض ماہرین کے مطابق 14 فیصد، بعض کے مطابق 27 فیصد اور بعض کے مطابق شہد میں موجود شوگر کی حد (82.1 فیصد) تک ہے۔(20)

سوال:

ماہرین کی آراء کی وجہ سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے، کہ انگور کے رس (Juice) میں ماہرین کے مطابق 14 فیصد تک شوگر ہوتی ہے، اس حساب سے فقہ اسلامی میں طلاء یا دوسری پکی حرام شراب میں پکانے کے بعد دو تہائی یا اس سے کچھ کم مقدار اڑا کر نشے کی بات بظاہر

درست نہیں کیوں کہ اگر تقریباً دو تہائی (two-third) یا اس سے کچھ کم مقدار کو اڑایا جائے تو اس میں شوگر کی مقدار تقریباً 42 فیصد ہو جائے گی جس میں پہلی دو رائے کے مطابق نشے کا امکان نہیں، جب تک اس میں مزید پانی نہ ملایا جائے؟

جواب:

جواب یہ ہے کہ ماہرین کی مذکورہ بالا تینوں رائے درست ہو سکتی ہیں، لیکن اس میں کسی بھی رائے کا فقہاء کرام کی آراء سے کوئی تضاد نہیں۔ اس لیے کہ شرعی نقطہ نظر سے پکی شرابوں کی حقیقت وماہیت اور حرام ہونے کا اصل مدار اس پر نہیں کہ انگور یا کھجور کا رس کتنا پک کر اڑ گیا اور کتنا باقی رہا، بلکہ اصل مدار اس پر ہے کہ انگور اور کھجور کے رس کو نشے کے مقصد کے لیے کچا استعمال کرنے کے بجائے پکایا جائے، چاہے اس پکے ہوئے مادے میں نشہ اسی حالت میں پیدا ہو جائے یا اس میں دوبارہ پانی ملا کر پتلا (Dilute) کیا جائے۔ فقہاء کرام نے شاید اسی وجہ سے اس پر بحث کے بجائے اصل مقصد یعنی نشہ اور اس کی علامات، شرائط اور کیفیت کے بیان پر اکتفاء کیا اور بظاہر یہ مشکل بھی ہے کیوں کہ خود ماہرین کی آراء بھی اس میں مختلف ہے۔

لہٰذا معلوم ہوا کہ فقہ اسلامی میں مذکور طلاء وغیرہ پکی شرابوں کی تفصیل اور جدید سائنس کے ماہرین کی آراء میں کوئی تضاد یا ابہام نہیں، بلکہ نتیجتاً دونوں ایک ہی نکتے پر متفق ہیں کہ پکی شراب وہ ہے جس میں نشہ ہو، فقہ اسلامی نے شرعی حکم بتا کر فنی باریکیوں کو بیان نہیں کیا، بلکہ یہ بات عملی تجربے اور ماہرینِ فن پر چھوڑ دی، لہٰذا تجربے کی رو سے جہاں نشہ ثابت ہو گا وہاں شرعی حکم متوجہ ہو گا۔ واللہ اعلم

فائدہ:

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ فقہاء کرام نے دو تہائی سے کم مقدار میں پکنے کے بعد اڑانے کی بات کیوں کی؟ میرے خیال میں اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں فقہاء کرام کے نزدیک انگور کے رس سے بنی حرام شراب کے ضمن میں یقینی حلال مشروب کا بیان بھی مقصود ہے جس میں حلال کی ابتدائی حد بیان کی کہ جب دو تہائی مکمل اڑ جائے یعنی شوگر لیول کی وہ مقدار جس میں یقینی طور پر الکحل کا پیدا ہونا ممکن نہیں۔

نوٹ: پکی شرابوں کے بارے میں جدید سائنس اور فقہ اسلامی کی تفصیلی بحث کتاب کے آخر میں ضمیمہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

(ب) نقیع التمر:

یعنی کھجور کی کچی شراب، کھجور کا کچا شیرہ، یعنی تخمیر (Fermentation) کے لیے پانی میں اتنے عرصے تک کھجور رکھی جائے، کہ اس میں گاڑھاپن، ابال (بلبلے) پیدا ہو کر اس میں نشہ پیدا ہو جائے۔ عربی میں اسے "نقیع التمر" اور "سَکَر" کہتے ہیں۔(21)

(ج) "نقیع الزبیب:

کشمش سے تیار کردہ شراب، کہ (Fermentation) کے لیے پانی میں اتنے عرصے تک کشمش رکھی جائے، کہ اس میں گاڑھاپن آجائے اور ابال پیدا ہو کر اس میں نشہ آجائے۔ عربی میں اسے "نقیع الذبیب" کہتے ہیں۔(22)

فائدہ: الکحل کی پیدائش کے دوران یہ عمل ہوتا ہے کہ سب سے پہلے کابوہائڈریٹس کو الکحل بننے کے لیے Yeast کی ضرورت ہوتی ہے، Yeast چینی کو الکحل اور کاربن ڈائی اکسائیڈ میں تبدیل کرتی ہے۔(23)

نیز ماہرین یہ بھی فرماتے ہیں کہ قدرتی طور پر نشے کے لیے درکار تخمیری عمل (Alcoholic Fermentation) کے سب سے تیز اور زیادہ امکانات انگور اور کھجور کے اندر پائے جاتے ہیں۔(24)

خمر (شراب) کے علاوہ انگور اور کھجور سے بننے والی تین خاص شرابوں کے شرعی احکام:

یہ تین مشروبات فقہ حنفی کے مطابق اکثر احکام میں "خمر" کے ساتھ ملحق ہیں۔ جس کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

- مذکورہ تینوں شرابیں خمر (شراب) کی طرح حرام ہیں۔ (25)
- مذکورہ تینوں شرابیں خمر (شراب) کی طرح نجس یعنی ناپاک ہیں۔(26)
- مذکورہ تینوں شرابوں کی خرید و فروخت، کاروبار خمر (شراب) کی طرح کی حرام ہیں۔

تیسری قسم: انگور اور کھجور سے بننے والی شرابوں کے علاوہ دیگر مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء(Liquid Intoxicants):

یعنی جو مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء(Liquid Intoxicants) مذکورہ بالا چار شرابوں(خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) میں سے نہ ہوں، مثلاً شہد، انجیر، گندم، جَو، چاول وغیرہ سے بننے والے مشروبات، جن میں نشہ کا امکان ہو۔

انگور اور کھجور سے بننے والی شرابوں کے علاوہ دیگر مائع (بہنے والی) نشہ آور اشیاء(Liquid Intoxicants) کے شرعی احکام:

فقہ حنفی میں انگور اور کھجور سے بننے والی مذکورہ بالا چار خاص شرابوں کے علاوہ دیگر بہنے والی نشہ آور مشروبات کے شرعی احکام کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

حلت وحرمت: انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والے نشہ آور مشروبات امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک جائز ہیں بشرطیکہ اتنی مقدار میں نہ ہو جس سے نشہ ہو۔ نیز ان مشروبات کا پینا تقویتِ جسمانی کے لئے ہو، لہو و طرب و مستی کے لیے نہ ہو۔(27)(28)

امام محمد کے نزدیک سب حرام ہیں، مقدار کم ہوں یا زیادہ، نیز اس سے نشہ ہو یا نہ ہو۔
احناف کے نزدیک حلت و حرمت کی حد تک امام محمدؒ کے قول پر فتویٰ ہے، لہٰذا انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والے ہر طرح کے نشہ آور مشروبات بھی کسی بھی مقدار میں پینا حرام ہیں۔(29)

طہارت ونجاست: انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والے نشہ آور مشروبات امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک نجس نہیں۔(30) ۔امام محمد کے نزدیک سب نجس ہیں۔(31)

احناف کے نزدیک اس مسئلے میں نجاست وطہارت کے بارے میں امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے قول پر فتویٰ ہے، لہٰذا انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والے نشہ آور مشروبات نجس نہیں۔

خرید وفروخت: امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والی نشہ آور اشیاء کا کسی جائز مقصد یا ضرورت کے لیے کاروبار اور خرید وفروخت جائز ہے۔ براہِ راست ناجائز مقصد کے لیے ناجائز ہے۔(32)۔ امام محمد کے نزدیک جائز نہیں۔(33)

احناف کے نزدیک امام ابو حنیفہؒ کے قول پر مذکورہ شرائط کے ساتھ خرید وفروخت کی گنجائش ہے۔(34)

تیسری رائے: علامہ ابنِ تیمیہؒ کا موقف:

علامہ ابنِ تیمیہؒ کے نزدیک خمر کے مصداق میں ہر "نشہ آور اشیاء" چیز داخل ہے چاہے وہ احناف کی رائے کے مطابق انگور کی کچی شراب ہو یا کوئی اور مائع بہنے والی نشہ آور شراب، اور چاہے خشک، جامد ہو یا مائع بہنے والی، لہٰذا امام ابن تیمیہ کے نزدیک خشک بھنگ بھی "خمر" کے مصداق و حکم میں داخل ہے اور "خمر" کی طرح نجس بھی ہے۔(35)

علامہ ابنِ تیمیہؒ نے اپنی رائے کے بارے میں درجِ ذیل حدیث کے عمومی الفاظ سے استدلال کیا ہے:

عن ابن عمر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: «كل مسكر خمر، وكل مسكر حرام» (36)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر نشہ آور چیز شراب یعنی خمر ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

اس کا جواب جمہور نے یہ دیا ہے کہ اس حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ ہر نشہ آور چیز شراب یعنی خمر کی طرح حرام ہے، یعنی شراب کے ساتھ حرام ہونے کے حکم میں شریک ہے، نجاست کے حکم میں خمر کے ساتھ شریک نہیں۔

علامہ ابنِ تیمیہؒ کے جواب میں جمہور نے بطورِ دلیل ایک اور صحیح حدیث پیش کی ہے:

عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: «كل شراب أسكر فهو حرام» 37

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر شراب (بہنے والی، مائع پینے کی چیز) جو نشہ کرے وہ حرام ہے۔

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ "خمر" کے علاوہ دیگر نشہ آور اشیاء صرف حرام ہیں، نجس نہیں۔

احناف کی طرف سے جواب واضح ہے کیوں کہ ان کے نزدیک انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر تمام نشہ آوار اشیاء "خمر" کے ساتھ حرمت کے حکم میں شریک ہیں، نجاست کے حکم میں شریک نہیں، جو کہ مذکورہ حدیث کی وجہ سے نشے کی بنیاد پر حرام ہے۔

چوتھی رائے: علامہ داؤد ظاہریؒ اور چند دیگر حضرات کا موقف:

فقہ ظاہری کے امام علامہ داؤد ظاہریؒ اور امام ربیعہ کی طرف یہ رائے منسوب ہے کہ ان کے نزدیک "خمر" سمیت تمام نشہ آور اشیاء پاک ہیں، البتہ نشہ کی وجہ سے ان کا صرف پینا حرام ہے۔ جیسا کہ زہر یا خشک نشہ آور اشیاء ہیں کہ ان کا پینا حرام ہے۔(38)

لیکن امام نوویؒ نے اس پر اجماع نقل کیا ہے کہ شراب یعنی خمر نجس ہے اسی طرح شراب کی نجاست قرآن کی آیت سے بھی ثابت ہے کہ اس میں شراب کو "رجس" قرار دیا ہے اور "رجس" عربی میں نجس کو کہتے ہیں جس کی تفصیل گزر چکی ہے۔ اس پر یہ اشکال ہو سکتا ہے کہ اسی آیت میں شراب کے ساتھ ساتھ "المیسر "یعنی جوا ،"الانصاب" یعنی بت اور "الازلام "یعنی جوئے کے تیر کو بھی رجس کہا گیا ہے لیکن وہ تو نجس نہیں ہیں؟ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ قرآن کے اصل خطاب میں وہ بھی اس حکم میں شامل ہیں لیکن اجماعِ امت کی وجہ سے وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہوئے اور خمر یعنی شراب اس حکم میں باقی رہا ہے اور اس پر امت کا خیر القرون سے اجماع ہے۔(39)

فائدہ: بعض حضرات نے اس آخری رائے کو لے کر کسی بھی قسم کے ذرائع سے حاصل شدہ الکوحل نجس نہیں اس لیے کسی بھی قسم کے ایتھائل الکوحل کا ہر قسم کا خارجی استعمال جائز ہے۔

لیکن جیسا کہ امام نوویؒ کی عبارت سے واضح ہوا کہ یہ رائے قرآن کی آیت کے خلاف ہے اور امتِ مسلمہ کے اجماع کی وجہ سے سخت مرجوح (Rejected) ہے۔

حصہ دوم
الکحل سے متعلق شرعی احکام
قرآن، سنت اور فقہ اسلامی کی روشنی میں

کیمیائی اعتبار سے الکحل کی بہت ساری قسمیں ہیں، مثلاً

methanol, ethanol, isopropyl alcohol, butanol, butyl alcohol, pentanol, amyl alcohol, cetyl alcohol, ethylene glycol, propylene glycol, glycerol, erythritol, threitol, xylitol, mannitol, sorbitol, volemitol, allyl alcohol, geraniol, propargyl alcohol, inositol, menthol. 40

ان اقسام کو مختلف مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، ان قسموں میں ایک قسم نشہ آور ہے جس کو ایتھائل الکحل یا ایتھانول(Ethyl Alcohol/Ethanol) کہتے ہیں، زیر بحث موضوع میں الکحل سے مراد ایتھائل الکحل ہے جس کے مختلف پہلوؤں سے متعلق شرعی بحث کی جائے گی۔

ایتھائل الکحل یا ایتھانول(Ethyl Alcohol/Ethanol)الکحل کی تعریف:

ایتھائل الکحل (Ethyl Alcohol) ایک نشہ آور کیمیائی مادہ ہے، جو مختلف پھلوں، سبزیوں اور اناج و شکر وغیرہ میں حاصل کیا جا سکتا ہے۔(41)

شرعی نقطہ نظر سے الکحل کے حصول کے ذرائع اور اس کی مختلف اقسام
(Types & Sources of Alcohol)

الکحل کی مختلف قسموں کے حصول کے بہت سارے ذرائع ہیں، شرعی وفقہی احکام کے نقطہ نظر سے اس کو دو قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:
ایک قدرتی ذرائع سے حاصل ہونے والا الکحل، دوسرے مصنوعی ذرائع سے حاصل ہونے والا الکحل۔

پہلی قسم: قدرتی ذرائع سے حاصل ہونے والا ایتھائل الکحل:

ہر اس چیز سے حاصل کی جاسکتی ہے جس میں کاربوہائیڈریٹس پائی جاتی ہوں جو کہ چینی میں تبدیل ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں، جدید تحقیق کے مطابق عمومی طور پر یہ قدرتی ذرائع درجِ ذیل ہیں:

- تمام اناج (Grains) ، مثلاً، مکئی، گندم، جو، چاول وغیرہ
- تمام پھل، مثلاً انگور، کھجور، سیب، گنا وغیرہ
- سبزیاں، مثلاً شلغم، گاجر، چقندر وغیرہ
- درختوں کے چھلکے جن میں نشاستہ (Cellulose) پایا جاتا ہے جو کہ شوگر میں تبدیل ہو سکتا ہے، البتہ اس سے الکحل کے حصول کا عمل (Process) مشکل اور مہنگا ہے۔

اس قسم کو فنی اصطلاح میں عربی میں "الكحول الطبيعية" اور انگریزی میں (Natural Alcohol) کہتے ہیں۔

دوسری قسم: مصنوعی ذرائع سے حاصل شدہ الکحل:

مصنوعی طور پر کیمیاوی عمل کے ذریعے پیٹرول اور دیگر کیمیکلز وغیرہ سے جو الکحل تیار کیا جائے اس کو فنی اصطلاح میں عربی میں "الکحول الصناعیۃ " اور انگریزی میں (Synthetic Alcohol) کہتے ہیں۔ موجودہ دور میں عموماً الکحل دوسرے یعنی مصنوعی طریقہ پر بنایا جاتا ہے۔

الکحل (Alcohol) سے متعلق شرعی احکام

الکحل کی مختلف قسموں کی بہت ساری خصوصیات (Properties) ہیں، تاہم انسانی استعمال سے متعلق الکحل کی دو صفات ایسی ہیں جس سے شریعہ کے احکام متعلق ہیں: ایک اس کا مسکر یعنی نشہ آور (Intoxicant) ہونا، دوسرے اس کا مضر (Harmful) ہونا

ان دو صفات کی وجہ سے الکحل پر شریعہ کے دو حکم لاگو ہوتے ہیں: ایک الکحل کا حرام ہونا، دوسرے الکحل کا نجس وناپاک ہونا۔

1۔ مضر الکحل سے متعلق شرعی احکام:

الکحل کی وہ قسمیں جو نشہ آور نہیں، البتہ انسانی جسم کے لیے مضر ہیں، مثلاً میتھائل الکحل (Methanol/Methyl Alcohol) وغیرہ، کا شرعی حکم درجِ ذیل ہے:

حلت وحرمت: غیر مسکر مضر صحت الکحل کا کسی جائز مقصد یا ضرورت کے لیے اتنی کم مقدار کا استعمال، جس سے ضرر نہ ہو، حرام نہیں۔ البتہ اس کی اتنی مقدار کا استعمال، جس سے ضرر ہو تو وہ ضرر کی وجہ سے حرام ہے۔(42)

طہارت و نجاست: غیر مسکر مضر صحت الکحل تمام فقہی آراء کے مطابق کم مقدار میں ہوں یا زیادہ، نجس وناپاک نہیں۔(43)

خرید و فروخت: خرید و فروخت کی شرعی شرائط کا لحاظ رکھتے ہوئے غیر مسکر مضر صحت الکحل کا کسی جائز مقصد یا ضرورت کے لیے کاروبار اور خرید و فروخت جائز ہے، براہِ راست ناجائز مقصد کے لیے ناجائز ہے۔

2۔ نشہ آور الکحل سے متعلق شرعی احکام:

الکحل کی وہ قسمیں جو نشہ آور ہیں ان پر دیگر نشہ آور اشیاء کی طرح شریعت کے چند بنیادی احکام لاگو ہوتے ہیں:

1۔ حرمت (حرام ہونا): بنیادی طور پر تمام نشہ آور الکحل کا استعمال شرعاً ناجائز ہے، اس کے بارے میں فقہاء کرام نے کافی تفصیل ذکر کی ہے، جو آگے آرہی ہے۔(44)

2۔ نجاست: نشہ آور الکحل کا دوسرا شرعی حکم ان کی نجاست وطہارت کا ہے، اس حکم کے بارے میں بھی فقہاء کرام کی کئی آراء ہیں جس کی تفصیل آگے ذکر ہو گی۔(45)

3۔ خرید و فروخت: نشہ آور الکحل کا تیسرا شرعی حکم ان کی خرید و فروخت کا ہے، پہلے دو احکام کی تشریح میں تفصیل کی وجہ سے اس حکم کے بارے میں بھی فقہاء کرام کی کئی آراء ہیں جس کی تفصیل آگے ذکر ہو گی۔(46)

نشہ آور الکحل کے شرعی احکام سے متعلق مختلف فقہی آراء

اس حوالے سے فقہاء کرام کی دو مشہور رائے ہیں۔ ذیل میں دونوں رائے ذکر کرتے ہیں:

پہلی رائے : نشہ آور الکحل کے شرعی احکام سے متعلق جمہور فقہاء کرام کا موقف:

جمہور فقہاء کرام (امام مالک، امام شافعی، امام احمد اوراحناف میں سے امام محمد بن الحسن رحمہم اللہ) کا موقف یہ ہے کہ تمام مائع یعنی بہنے والی نشہ آور اشیاء(Liquid Intoxicants) ”خمر“ کے مصداق میں داخل ہیں؛لہٰذا جمہور کے نزدیک ایتھائل الکحل سمیت تمام بہنے والی نشہ آور اشیاء پر ”خمر“ کے احکام جاری ہوں گے ، جس کی تفصیل گزر گئی ہے۔

دوسری رائے: نشہ آور الکحل کے شرعی احکام سے متعلق احناف فقہاء کرام کا موقف:

فقہ حنفی (امام ابو حنیفہ اور امام ابویوسفؒ) کے مطابق شرعی احکام کے اعتبار سے بہنے والی نشہ آور اشیاء(Liquid Intoxicants) کی دو قسمیں (Categories) ہیں اس وجہ سے نشہ آور الکحل کی بھی دو قسمیں ہیں جس کی تفصیل درجِ ذیل ہے:

پہلی قسم: انگور اور کھجور سے کشید کیے گئے الکحل کا شرعی حکم:

انگور اور کھجور سے سے کشید کیا گیا الکحل شرعی حکم میں خمر کی طرح ہے اس لیے: لہٰذا جمہور کے نزدیک ایتھائل الکحل سمیت تمام بہنے والی نشہ آور اشیاء پر ”خمر“ کے احکام جاری ہوں گے ، جس کی فقہ حنفی کے حوالے سے تفصیل گزر گئی ہے۔(47)،(48)،(49)

دوسری قسم: انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر اشیاء سے بنا الکحل کا شرعی حکم:

فقہ حنفی کے مطابق انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والی نشہ آور اشیاء(Liquid Intoxicants) مثلاً گنے

کی راب (Molasses)، گندم، جو وغیرہ سے کشید کیے گیے الکحل کے شرعی احکام کا خلاصہ حسبِ ذیل ہے:

حرمت: انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والی نشہ آور اشیاء سے کشید کیے گیے الکحل کا کسی جائز مقصد یا ضرورت کے لیے اتنی کم مقدار کا استعمال، جس سے نشہ نہ ہو، حرام نہیں۔ البتہ اس کی اتنی مقدار کا استعمال، جس سے نشہ ہو تو وہ نشہ کی وجہ سے حرام ہیں۔(50)

طہارت ونجاست: انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والی نشہ آور اشیاء سے کشید کیا گیا الکحل نجس نہیں۔(51)

خرید وفروخت: انگور اور کھجور سے بننے والی چار شرابوں (خمر، طلاء، نقیع التمر، نقیع الذبیب) کے علاوہ دیگر بہنے والی نشہ آور اشیاء سے کشید کیے گیے الکحل کا کسی جائز مقصد و ضرورت کے لیے لین دین جائز ہے۔ براہِ راست ناجائز مقصد کے لیے ناجائز ہے۔

فائدہ: ماہرین کے مطابق مختلف نشہ آور مشروبات میں الکحل کی مقدار مختلف ہوتی ہے، ماہرین کے مطابق الکحلک مشروبات میں کل مقدار میں فیصدی تناسب سے اوسطاً بَیر (Beer) میں 4.5 فیصد تک، وائن (Wine) میں 11.6 فیصد تک ، ووڈکا (Vodka) برانڈی میں 37 سے 40 فیصد تک ہوتا ہے۔ البتہ لیبارٹری وغیرہ میں استعمال کے لیے عرق ریزی اور کشید گی کے عمل (Distillation) کے ذریعے اس مقدار کو 95 فیصد تک بھی بڑھایا بھی جاسکتا ہے۔(52)

الکحل (Alcohol) کے شرعی احکام سے متعلق راجح قول:

شرعی اصول ودلائل کی روشنی میں الکحل کے بارے میں ہمارے نزدیک فقہ حنفی (شیخین) کا موقف راجح ہے۔(53)

الکحل (Alcohol) سے متعلق مختلف حلال معیارات کا خلاصہ:

الکحل کے بارے میں عالمی سطح پر رائج ونافذ حلال معیارات کا جائزہ لینے کے بعد اس کا خلاصہ درجِ ذیل ہے:

پاکستان حلال اسٹینڈرڈ ((PS:3733-2016(R)) کی بنیاد فقہ حنفی کی رائے پر ہے، جس میں اس بات کی تصریح ہے کہ انگور اور کھجور سے کشید کیا گیا الکحل نجس اور حرام ہے۔ دیگر مشروبات بشرطِ نشہ حرام ہیں۔(54)

متحدہ عرب امارات کے کاسمیٹکس کے حلال معیار میں الکحل کو مطلقاً حرام قرار دیا گیا ہے۔(55)

اسی طرح متحدہ عرب امارات کے کھانے پینے کے حلال معیار میں بھی الکحل کو مطلقاً حرام قرار دیا گیا ہے۔(56)

ملائیشیا کے کھانے پینے کے فوڈ ایڈیٹیوز (Food Additives) میں الکحل کو مطلقاً حرام قرار دیا گیا ہے۔(57)

اسی طرح ملائیشیا کے ادویات کے حلال معیار میں الکحل کو مطلقاً حرام و نجس قرار دیا گیا ہے، چناں چہ اس معیار کے مطابق حلال ادویات (Halal Pharmaceutical) وہ ہیں جو ہر طرح کے نجس و نشہ آور مواد سے پاک ہوں۔(58)

پھر اسی معیار میں نجس کی تعریف و تفصیل میں خمر کو شمار کیا گیا ہے۔ اور خمر میں تمام نشہ آور اشیاء کو شامل کیا ہے۔(59)

ان معیارات سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی بھی ذریعے سے حاصل شدہ الکحل نجس ہے، جس کا خارجی یا داخلی کسی بھی قسم کا استعمال درست نہیں، جو فقہ شافعی کے اصل مذہب کے عین مطابق ہے۔ نیز ملائیشیا کے مذکورہ بالا دو معیارات سے یہ بھی معلوم ہوتا

ہے کہ ان معیارات کے مطابق تغذی (Food & Beverages) اور تداوی (Pharma) کے معیارات میں کوئی الکحل کے حوالے سے کوئی فرق نہیں۔

لیکن ملائیشیا کے اسی معیار میں مصنوعی اشیاء سے حاصل شدہ الکحل (Synthetic Alcohol) کی اجازت دی گئی ہے۔(60)

اسی طرح ملائیشیا کے معیار "حلال کے اصول، تعریفات اور اصطلاحات کی تشریح کا معیار" (MS 2393: 2013) میں الکحل کے بار میں تفصیل ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قدرتی اشیاء سے حاصل شدہ الکحل (Natural Alcohol) اور مصنوعی اشیاء سے حاصل شدہ الکحل (Synthetic Alcohol) میں فرق ہے، اور نجاست کے حکم میں دونوں مختلف ہیں۔(61)

جس میں صاف واضح ہوتا ہے کہ وائن کا نام لکھ کر اس کی نجاست و تطہیر کی بات کی گئی ہے لیکن مطلقاً الکحل کی بات نہیں ہوئی ہے۔

اس کے بعد سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان معیارات مذکور "خمر"، "الکحلک بیوریجز" اور "سینتھیٹک الکحل" میں کیا فرق ہے؟

اس کا جواب ملائشیا کے معیار (MS 2393: 2013) سے مفہوم ہوتا ہے کہ تخمیر کے نتیجے میں جتنی بھی نشہ آور چیزیں ہیں ان کو خمر اور نجس شمار کیا گیا ہے، لیکن سینتھیٹک الکحل کو وائن اور نجاست سے بظاہر الگ رکھا گیا ہے، جو کہ بظاہر فقہ حنفی کے موقف کے مطابق ہے۔(62)

اسی طرح ملائیشیا کے "پینے کے پانی کے حلال معیار" (MS 2594-2015) میں شق نمبر 5.3 میں فرماتے ہیں کہ حلال کیمیکلز کے ذرائع کے لیے ضروری ہے کہ وہ نجس نہ

ہوں، جبکہ شق نمبر 5.6 اور 5.8 میں فرماتے ہیں کہ حلال کیمیکلز کے ذرائع کے لیے ضروری ہے کہ وہ نجس کے ساتھ نہ تلوث بھی نہ رکھتے ہوں، (متنجس نہ ہوں)۔

جبکہ شق نمبر 5.7 میں فرماتے ہیں کہ نشہ آور مشروبات (خمر) کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ الکحل پینے کے پانی کے لیے حلال کیمیکلز کے بنانے کے لیے استعمال کرنا جائز ہے۔ اس سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ نشہ آور مشروبات (خمر) کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ الکحل نجس نہیں، جبکہ یہی موقف بعینہ فقہ حنفی کے مطابق ہے۔(63)

اسی طرح ملائیشیا کے کاسمیٹکس کے حلال معیار (MS 2200: PART 1:2008) میں فقہ حنفی کی طرح صرف خمر اصلی سے حاصل شدہ الکحل کو ممنوعہ قرار دیا گیا ہے۔(64)

لیکن اس میں سوال یہ ہے کہ اسی ملائشین اسٹینڈرڈ میں شرعی قانون (Sharia Law) فقہ شافعی کو معیار قرار دیا گیا ہے۔(65)

جبکہ فقہ شافعی کے مطابق ہر قسم کی نشہ آور چیزیں خمر کی تعریف میں داخل ہیں۔ جیسا کہ اوپر تفصیل سے گزر گیا۔ اس لحاظ سے ہر قسم کا الکحل نجس ہونا چاہیے اور اس کا بیرونی استعمال نجاست کی وجہ سے ناجائز ہونا چاہیے۔ اس لیے سوال یہ ہے کہ ملائشیا نے خمر اصلی کے علاوہ دیگر الکحل کے خارجی استعمال کی اجازت کیوں دے دی؟

اس کا جواب شاید یہ ہو کہ جب نشہ آور مشروبات کے علاوہ الکحل کا استعمال ہوتا ہے وہ انتہائی کم مقدار میں غیر نشہ آور مقاصد کے لیے ہوتا ہے جس میں شرعی اصولوں القلیل کالمعدوم اور عموم بلوٰی کے تحت اجازت دی جاتی ہے۔ واللہ اعلم

تھائی لینڈ کے حلال معیار THS 1435-1-2557 الکحل پر مشتمل ہر قسم کے مواد کو حرام قرار دیا گیا ہے۔ تھائی لینڈ کے مسلمانوں کی اکثریت چونکہ فقہ شافعی کی تقلید کرتی ہے اس لیے الکحل پر مشتمل ہر قسم کے مواد کو حرام قرار دیا گیا ہے۔(66)

فائدہ: ہمارے نزدیک احناف کی رائے راجح ہے:

نشہ آور اشیاء اور ان سے حاصل شدہ الکحل سے متعلق مجموعی طور پر قرآن، سنت اور فقہ اسلامی کے دلائل کو سامنے رکھ قوتِ استدلال اور استنباط کی روشنی میں ہمارے نزدیک فقہ حنفی کی رائے راجح ہے، جس کے مطابق پاکستان کا حلال اسٹینڈرڈ مرتب یا گیا ہے اور جو اس وقت حلال انڈسٹری کے لیے سب سے سے زیادہ موزوں و مناسب ہے۔ کیوں کہ جمہور کے قول یا امام ابنِ تیمیہ کے قول پر مسلمانوں کے لیے ناقابلِ برداشت حرج اور مشقت و تکلیف ہے اور امت کو بلا وجہ شرعی حرج میں مبتلا کرنا شریعت کے اصولوں کے خلاف ہے۔

فائدہ: سرکہ بننے کے بعد اس میں الکحل کی مقدار کتنے فیصد باقی رہتی ہے؟

الکحلک مشروبات سے سرکہ بنتے وقت ایسیٹک ایسیڈ (acetic acid) کا بیکٹیریا الکحل کو ایسیٹک ایسیڈ میں تبدیل کرتا ہے، بعد میں ایک مرحلہ ایسا بھی آتا ہے کہ ایسیٹک ایسیڈ کا بیکٹیریا مزید عمل نہیں کر سکتا اور نتیجۃً کچھ مقدار الکحل کی رہ جاتی ہے۔ ماہرین کے مطابق 0.5 سے لے کر 2 یا 5 فیصد تک الکحل کے باقی رہنے کا امکان ہوتا ہے۔

الکحل کے علاوہ FDA کے معیار کے مطابق سرکہ میں کل مقدار کا 4 فیصد ایسیٹک ایسیڈ (acetic acid) کا ہونا ضروری ہے، مثلاً 100 ملی لیٹر میں 4 گرام کا acetic acid ہونا ضروری ہے۔(67)

انڈسٹری وائز الکحل (Alcohol) کے استعمال کا شرعی حکم

واضح رہے کہ سائنس و ٹیکنالوجی کی ترقی کی بدولت موجودہ دور میں بے شمار چیزوں بے شمار مقاصد کے لیے الکحل کا استعمال ہوتا ہے، ذیل میں چند انڈسٹریز کا بطورِ مثال ذکر

کرتے ہیں، باقی انڈسٹریز میں الکحل کے استعمال کے شرعی حکم کے لیے کسی مستند شرعی تحقیقاتی ماہرین یا ادارے سے رجوع کرے۔

فوڈ انڈسٹری میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم

- انگور اور کھجور سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال فوڈ انڈسٹری کی مصنوعات میں کسی بھی مقدار میں جائز نہیں۔
- انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال فوڈ انڈسٹری کی مصنوعات میں اتنی مقدار میں جائز ہے، جس سے نشہ نہ ہوتا ہو۔
- انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال فوڈ انڈسٹری کی مصنوعات میں اتنی مقدار میں جائز نہیں، جس سے نشہ ہوتا ہو، یا نشہ ہونے کا امکان ہو۔

کھانے پینے کی مصنوعات میں استعمال ہونے والے کیمیکل اور فلیور انڈسٹری میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم (Food Grade Chemicals & Flavors)

- انگور اور کھجور سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال کھانے پینے کی اشیاء میں استعمال ہونے والے کیمیکل اور فلیور انڈسٹری کی میں کسی بھی مقدار میں جائز نہیں۔
- انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال کھانے پینے کی اشیاء میں استعمال ہونے والے کیمیکل اور فلیور انڈسٹری کی مصنوعات میں اتنی مقدار میں جائز ہے، جس سے نشہ نہ ہوتا ہو۔
- انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال کھانے پینے کی اشیاء میں استعمال ہونے والے کیمیکل اور فلیور انڈسٹری کی مصنوعات

(Food Grade Chemicals & Flavors) اتنی مقدار میں جائز نہیں، جس سے نشہ ہوتا ہو، یا نشہ ہونے کا امکان ہو۔

مشروبات کی انڈسٹری میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم

- جن مشروبات کا مقصد ہی نشہ حاصل کرنا ہو (Alcoholic beverages) ان میں کسی بھی ذریعے سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال کسی بھی مقدار میں جائز نہیں۔ اور نہ ہی ایسی مصنوعات کا استعمال جائز ہے۔
- جن مشروبات کا مقصد نشہ کا حصول نہیں (Non-Alcoholic beverages) ان میں انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال اتنی مقدار میں جائز ہے، جس سے نشہ نہ ہوتا ہو۔
- جن مشروبات کا مقصد نشہ کا حصول نہیں (Non-Alcoholic beverages) ان میں انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال اتنی مقدار میں جائز نہیں، جس سے نشہ ہوتا ہو۔ یا نشہ ہونے کا امکان ہو۔
- اور نہ ہی ایسی مصنوعات کا استعمال جائز ہے۔

فارما انڈسٹری میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم

- فارما انڈسٹری میں انگور اور کھجور سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا ستعمال حرام ہے، اس پر تداوی بالحرام کے شرعی احکام و شرائط جاری ہوں گے۔
- فارما انڈسٹری میں انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال بوقتِ ضرورت بقدرِ ضرورت جائز ہے۔

سنگھار اور ذاتی استعمال کی صنعت (Cosmetics & Personal care Products Industry) میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم

- انگور اور کھجور سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال کاسمیٹکس اور پرسنل کیئر پراڈکٹس انڈسٹری کی مصنوعات میں جائز نہیں۔
- انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال سنگھار اور ذاتی استعمال کی صنعت (Cosmetics & Personal care Products Industry) کی خارجی استعمال کی مصنوعات میں جائز ہے۔ مثلاً ٹوتھ پیسٹ، خوشبویات ، ہاتھ صاف کرنے کی چیزیں (Hand Sanitizers) وغیرہ ذاتی استعمال کی دیگر اشیاء وغیرہ۔
- کاسمیٹکس انڈسٹری کی ایسی مصنوعات جس کے خارجی استعمال سے بھی ممکنہ طور پر نشہ ہو سکتا ہو، ان میں انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال جائز نہیں ہو گا۔

صفائی ستھرائی کا سامان (Cleaning Products) ، رنگ وروغن (Paints Varnishes)اور(Air Freshener)وغیرہ کی صنعت میں الکحل کے استعمال کا شرعی حکم

- انگور اور کھجور سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال، صفائی ستھرائی کا سامان، رنگ وروغن اور(Air Freshener)وغیرہ کی مصنوعات میں جائز نہیں۔
- انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ ایتھائل الکحل کا استعمال، صفائی ستھرائی کا سامان(Cleaning Products)، رنگ وروغن اور (Air Freshener) وغیرہ کی مصنوعات میں جائز ہے۔

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

ضمیمہ

پکی شراب کا بیان

فقہ اسلامی اور جدید سائنس کی روشنی میں

پکی شراب کے بارے جدید سائنس کے ماہرین کی آراء:

کسی بھی میٹھی چیز کو الکوحل میں تبدیل کرنے والی چیز ایک پھپوندی ہے جس کو عام زبان میں خمیر (Yeast) کہتے ہیں، خمیر وہاں کام کر سکتا ہے جہاں میٹھاس یعنی چینی ایک خاص تناسب میں موجود ہو، لیکن اگر چینی کی مقدار اس مطلوبہ تناسب سے بڑھ جائے تو وہاں خمیر کام نہیں کر سکتا۔(68)

یہ بات سب کو معلوم ہے کہ کسی بھی ایسی سیال مائع چیز کو اگر زیادہ دیر تک پکایا جائے جس میں مٹھاس یعنی چینی (قدرتی، یا ملائی گئ) ہو تو اس میں سے پانی بخارات بن کر اڑ جاتا ہے اور فیصدی تناسب سے اس مادے کے اندر چینی کی مقدار زیادہ ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے اس مادے کے اندر میٹھاس (Sugar/Carbohydrates) کو الکوحل میں تبدیل کرنے والا خمیر (Yeast) کام نہیں کر سکتا۔ جس کے نتیجے میں تخمیر (Fermentation) نہیں ہوتی۔ تخمیر نہیں ہوتی تو نشہ پیدا نہیں ہوتا، جس کی واضح مثال شہد یا چینی سے بنایا گیا شیرہ ہے۔

چناں چہ شہد سال ہا سال تک پڑا ہوتا ہے لیکن وہ نہ تو خراب ہوتا ہے اور نہ ہی اس کے اندر نشہ آتا ہے، حالانکہ اس میں چینی موجود ہوتی ہے، جو تخمیر (Ethanol fermentation) کی بنیادی ضرورت ہے۔

ماہرین کے مطابق 100 گرام شہد میں 82.1 گرام شوگر ہوتی ہے، جس میں 60 سے 70 فیصد خالص شوگر 17 فیصد پانی اور باقی شوگر کے ذیلی اجزاء ہوتے ہیں۔(69) لیکن چینی کی اتنی بڑی مقدار کی وجہ سے اس میں خمیر (Yeast) کام نہیں کر سکتا جو اس کو الکحل میں تبدیل کر سکے۔(70)

لہٰذا شہد میں براہ راست خمیر کی افزائش نہیں ہو سکتی، بلکہ اس سے شراب بنانے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے اندر پانی ڈال کر پتلا (dilute) کر کے تخمیر کے قابل بنایا جائے۔

چینی (Sugar) کی وہ کون سی مقدار ہے، جس میں خمیر (Yeast) کام نہیں کر سکتا:

اس حوالے سے بندہ نے پاکستان میں مختلف ماہرین سے رابطہ کیا، نیز ساؤتھ افریقن نیشنل حلال اتھارٹی (S.A.N.H.A) کے ماہرین کے ساتھ بھی رابطہ کیا تو ان کی تین مختلف آراء سامنے آئی، جس کا خلاصہ درجِ ذیل ہے:

پہلی رائے:

بعض ماہرین کی رائے ہے کہ اگر کسی مشروب کے اندر 12 فیصد سے زیادہ چینی (Sugar) ہو تو اس میں عام خمیر کام نہیں کرتا، البتہ شراب بنانے والی کچھ خاص کمپنیوں کے پاس ایسا خمیر (Yeast) موجود ہے جو 14 فیصد تک چینی پر کام کر سکتا ہے۔ ان کے بقول اس سے زیادہ چینی (Sugar) پر کوئی بھی خمیر (Yeast) کام نہیں کر سکتا اور اس کے اندر تخمیر نہیں ہوتی اور نہ اس کے اندر نشہ پیدا سکتا ہے۔(71)۔ ان ماہرین کے مطابق اگر پکانے کے بعد انگور کے رس میں چینی کی مقدار زیادہ ہو کر شیرہ بن جائے تو اس

میں نشہ پیدا کرنے یعنی تخمیر (Ethanol fermentation) کے لیے ضروری ہے کہ اس میں پانی ملا کر پتلا کرنے (dilution) کا عمل کر کے چینی کی مقدار کو واپس 14 فیصد پر لایا جائے جس کے بعد اس میں نشہ پیدا کیا جا سکتا ہے، ورنہ شوگر کی 14 فیصد سے زیادہ مقدار کی صورت میں نہ تو خمیر کام کرتا ہے اور نہ ہی اس میں ایتھانول یعنی نشے کی پیدائش ممکن ہے۔

دوسری رائے:

بعض ماہرین کے مطابق 27 فیصد شوگر تک تخمیر (Alcoholic/Ethanol fermentation) ممکن ہے، اس سے زیادہ میں تخمیر نہیں ہو گی۔(72)

تیسری رائے:

بعض ماہرین کے مطابق اس سے زیادہ مقدار میں بھی میں خمیر کام کر سکتا ہے، اور نشہ پیدا ہونے کا امکان ہے، ان کے مطابق جب تک شہد کے سطح کی شوگر نہ ہو اس میں تخمیر ممکن ہے، اور الکوحل پیدا ہو سکتا ہے، البتہ زیادہ شوگر کی وجہ سے اس میں خمیر (Yeast) کے عمل کی رفتار آہستہ ہوتی ہے اس لیے اس میں الکحل اور نشے کی مقدار و کیفیت میں بھی فرق ہو گا۔(73)

انگور کے رس (Juice) میں شوگر کی فیصدی مقدار اور تخمیر (Alcoholic fermentation) کا امکان:

انگور کے رس (Juice) میں ماہرین کے مطابق 14 فیصد تک شوگر ہوتی ہے (74)، لہٰذا اگر 100 گرام جوس ہے تو اس میں 14 گرام یعنی 14 فیصد شوگر ہوتی ہے، اگر اس رس کو آگ پر پکانے یا کسی بھی دوسرے عملِ تبخیر (Evaporation) کے اس کے دو

ثلث(two-third, 2/3) یا اس سے کچھ کم مقدار کو بخارات کی صورت میں اڑا کر ختم (Evaporate) کیا جائے تو بقایا مادے میں شوگر کی مقدار تقریباً تین گنا زیادہ ہو جائے گی جو کہ کل مقدار کا تقریباً 42 فیصد بنے گی اب سوال یہ ہے کہ انگور کا رس ابالنے کے بعد 42 فیصد پر خمیر (Yeast) کام کر سکتا ہے یا نہیں؟

پہلی دو رائے کے مطابق اس میں خمیر (Yeast) کام نہیں کر سکتا، لہٰذا اس مادے میں الکحل اور نشہ پیدا نہیں ہو گا جب کہ آخری رائے کی روشنی میں الکحل اور نشہ پیدا ہونے کا امکان ہے اگرچہ اس کی رفتار و مقدار کم ہو سکتی ہے۔

فقہ اسلامی کی روشنی میں پکنے کے بعد بننے والی شرابوں کا جائزہ:

واضح رہے کہ احناف کے نزدیک خمر اصلی (شراب) کے لیے ضروری ہے کہ وہ انگور کا کچا جوس ہو، اور اس کو پکائے یا کوئی چیز ملائے بغیر تیزی، جوش (بلبلے)، جھاگ اور نشہ پیدا ہو جائے۔ لیکن اگر انگور کے رس کو پکایا گیا تو احناف کے نزدیک وہ خمرِ اصلی کے حکم سے نکل جاتا ہے، اب یہ مطلقاً (Absolutely) حرام نہیں، بلکہ اس کے حرام ہونے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے اندر نشہ پیدا ہو۔

مختلف چیزوں کو پکا کر ان سے مختلف قسم کی شرابیں بنائی جا سکتی ہیں، جن کی تفصیل فنی اور فقہی کتب میں مذکور ہیں، فقہ اسلامی میں انگور، کھجور، شہد، انجیر وغیرہ ذرائع سے پکی شرابوں کا ذکر تفصیل سے کیا گیا ہے، تاہم یہ بات سب میں مشترک ہے کہ پکی ہوئی شراب کے حرام ہونے کے لیے شرعی شرائط سب کے لیے ایک جیسی ہیں۔

لہٰذا ان تمام کی تفصیلات میں جانے کے بجائے انگور سے حاصل ہونے والی پکی شراب کے ذکر پر اکتفاء کرتے ہیں، جس کو عربی اور فقہ اسلامی کی اصطلاح میں "طلاء" کہتے ہیں۔ ذیل میں طلاء یعنی انگور کی پکی شراب کا فنی اور فقہی جائزہ ذکر کرتے ہیں۔

انگور سے بننے والی پکی شراب (طلاء) کا بیان:

"طلاء" کا لغوی مفہوم:

انگور کے رس کو کسی بھی صورت میں جب پکایا جائے تو اس کو عربی لغت میں طلاء کہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ انگور کے رس میں جب تک نشہ پیدا نہ ہو، محض پکنے سے حرام نہیں ہوتا، اسی وجہ سے احادیث اور فقہ کی کتابوں میں بعض جگہ حلال مشروب اور بعض جگہ حرام شراب دونوں کے لیے مشترکہ طور پر طلاء کا ذکر کیا گیا ہے۔

چناں چہ فقہ اسلامی کی کتابوں میں انگور کے پکے ہوئے رس کے لیے مختلف نام استعمال کیے گئے ہیں، مثلاً:

1. جب انگور کے رس کو تھوڑا سا پکایا جائے تو اس کو "باذق کہتے ہیں،
2. اتنا پکایا جائے کہ آدھا بخارات بن کی اڑ جائے تو اس کو "مُنَصَف" کہتے ہیں،
3. اتنا پکایا جائے کہ ایک تہائی مکمل اڑ جائے تو اس کو "مثلث" کہتے ہیں،
4. پکانے کے بعد دوبارہ اس کے اندر پانی ڈال کر پتلا (dilute) کیا جائے تو اس کا جمہوری کہتے ہیں۔

جبکہ ان سب کو مشترکہ طور پر "طلاء" بھی کہا گیا ہے ان سب کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

چناں چہ اسی مفہوم میں صحیح بخاری میں طلاء کے حلال ہونے اور صحابہ کرام سے اس کے استعمال کا ذکر منقول ہے۔(75)

علامہ شرنبلالی فرماتے ہیں کہ طلاء محض نام اور لفظ میں بہت ساری چیزوں کو کہتے ہیں، مثلاً اس کا اطلاق انگور کے ہر قسم کے پکے ہوئے رس کو کہتے ہیں، چاہے وہ دو ثلث سے کم اڑا ہو، آدھا اڑا ہو، یا مکمل دو ثلث اڑا ہو۔(76)

"طلاء" کی اصطلاحی تعریف:

فقہ حنفی میں طلاء کی دو اصطلاحی تعریفیں مذکور ہیں۔

پہلی تعریف:

پہلی تعریف کے مطابق طلاء سے مراد انگور کا رس ہے جب اس کو اتنا پکایا جائے یا دھوپ وغیرہ کے ذریعے اتنا گرم کیا جائے، کہ اس کے مکمل دو ثلث مقدار بخارات بن کر ختم ہو جائے، (اور ٹھنڈا ہونے کے بعد) اس میں ابال (بلبلے) پیدا ہو، اس کے ذائقے میں تیزی (شدت) آجائے، جھاگ چھوڑنے لگے اور اس میں نشہ پیدا ہو جائے۔

یہ تعریف صاحبِ محیط برہانی، صاحبِ تحفۃ الفقہاء، صاحبِ ینابیع سے منقول ہے تاہم اس تعریف کو محققین احناف علماء نے مرجوح قرار دیا ہے۔ فقہی عبارات کی تفصیل اور ان پر تبصرہ آگے رہا ہے۔

صاحبِ جوہرہ علامہ ابو بکر حدادیؒ (متوفی: 800ھ) فرماتے ہیں کہ شرابوں کی آٹھ قسمیں ہیں:

1. خمر (انگور کی کچی شراب)
2. سکر (کھجور کی کچی شراب)
3. نقیع الزبیب، (کشمش کی کچی شراب)
4. نبیذ التمر (چھواروں کی کچی شراب)
5. فضیح (کھجور کی شراب)
6. باذق (انگور کی پکی شراب، جب اس کا دو تہائی سے کم پکتے ہوئے اڑ جائے)
7. طلاء (انگور کی پکی شراب، جب اس کا دو تہائی ابالنے کے نتیجے میں اڑ جائے)

8. جمہوری (طلاء میں جب دوبارہ اتنا ہی پانی ملایا جائے جتنا پہلے اڑ گیا تھا، پھر اس کو دوبارہ تھوڑا سا پکا کر چھوڑ دیا جائے اور اس میں نشہ پیدا ہو)۔

ان تمام اقسام کے اندر تین صفات مشترک ہیں ایک یہ کہ اس کے ذائقے میں شدت یعنی تیزی آجائے، اس میں بلبلے (جوش) اور جھاگ پیدا ہو جائے۔(77)

علامہ علاء الدین سمرقندیؒ (متوفیٰ: 540ھ) فرماتے ہیں کہ نشہ آور مشروبات کے آٹھ نام ہیں، خمر، سکر، نقیع الذبیب، نبیذ التمر، فضیح، باذق، طلاء (جس کو مثلث، یعنی دو ثلث (two-third) پکایا ہوا کہتے ہیں) اور جمہوری۔(78)

باذق کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ یہ وہ شراب ہے جس میں انگور کے رس کو تھوڑا سا پکایا جائے یہاں تک کہ اس کے دو تہائی سے کم مقدار اڑ جائے، چاہے یہ اڑنے والی مقدار ایک تہائی سے کم ہو یا آدھی مقدار سے کم ہو یا اس کو تھوڑا سا پکایا جائے (اور کوئی معتد بہ مقدار اڑ کر کم نہ ہو) جس کے بعد اس میں نشہ پیدا ہو۔(79)

نوٹ: باذق کی اس تعریف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حرمت کے حکم کا اصل مدار اس پر نہیں ہے کہ انگور کا رس کتنا پک کر اڑ گیا اور کتنا باقی رہا، بلکہ اصل مدار و اعتبار اس کو ہے کہ وہ باقی رہنے والے مادے کی مقدار و کیفیت ایسی ہونی چاہئے کہ اس میں نشہ پیدا ہونے کا امکان ہو۔ اور نشہ پیدا ہونے کا امکان تب ہو گا جب اس میں تخمیر ممکن ہو اور تخمیر تب ممکن ہے جب خمیر کام کر سکے۔

اب ظاہر کہ یہ بات ماہرین ہی بتا سکتے ہیں کہ وہ کونسی مقدار ہے کہ جس میں خمیر کام کر سکتا ہے اور اس کے اندر الکحلک فرمنٹیشن ممکن ہے۔

طلاء کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ دو تہائی اڑ کر ایک تہائی باقی رہنے والی شراب کا نام ہے۔ اور یہ وہ شراب ہے جس میں انگور کے رس کو اتنا پکایا جائے کہ اس کے دو ثلث

(two-third) اڑ جائے اور ایک ثلث (one-third) باقی رہ جائے اور اس میں نشہ پیدا ہو جائے۔(80)

نوٹ: طلاء کی اس تعریف میں دو ثلث (two-third) کا اڑنا اور ایک ثلث (one-third) کا باقی رہنا اور اس کے بعد اس میں نشہ پیدا ہونا، تین چیزوں کا مدار بنایا ہے۔

جمہوری نام کی شراب طلاء ہی ہے جس میں دوبارہ پتلا کرنے کے لیے اتنا پانی ملایا جائے کہ وہ اصل مقدار پر آجائے اور اس کے بعد اس کو تھوڑا سا پکایا جائے اور اس میں نشہ پیدا ہو جائے۔(81)

نوٹ: جمہوری نام کی شراب کی اس تعریف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ طلاء کے گاڑھے شیرے کے اندر پانی ڈال کر پتلا (dilute) کیا جائے اور اس پانی کو اپنی اصل مقدار پر لایا جائے اور جس کے نتیجے میں فیصدی تناسب سے چینی کی مقدار کم ہو جائے، اس کے بعد اس کو ہلکا سا پکایا جائے، جس کے بعد اس میں تخمیر ہو کر نشہ پیدا ہو گا۔

بندہ کے خیال میں علامہ سمرقندی کی اس عبارت میں بالکل وہی بات بیان کی گئی ہے جو ماہرین کی پہلی رائے کے عنوان سے گزر چکی ہے اور اس عبارت سے ماہرین کی اس رائے کی تصدیق ہوتی ہے۔

نوٹ: علامہ سمرقندیؒ کی طرف سے طلاء اور کھجور و کشمش کی تھوڑی سی پکی ہوئی شراب کے اس شرعی حکم سے معلوم ہوا کہ شرعی نقطہ نظر سے ان شرابوں کی حقیقت وماہیت کا اصل مدار اور حرام ہونے کے شرعی حکم کا اصل اعتبار اس پر نہیں کہ انگور یا کھجور کا رس کتنا پک کر اڑ گیا اور کتنا باقی رہا، بلکہ اصل مدار اس پر ہے کہ انگور اور کھجور کے رس کو نشے کے مقصد کے لیے کچا استعمال کرنے کے بجائے اس کو پکایا جائے جو در حقیقت

ماہرین کے مطابق حفاظت (Safety) کے لیے ہوتا ہے۔ کیونکہ پکی شراب کے بجائے کچی شراب زیادہ مضر ہوتی ہے۔

اس تفصیل کی رو سے فقہ اسلامی میں مذکور طلاء وغیرہ پکی شرابوں کی تعریفات اور جدید سائنس کے ماہرین کی آراء میں کوئی تضاد یا ابہام باقی نہیں رہتا، بلکہ نتیجتاً دونوں ایک ہی نکتے پر متفق ہیں کہ پکی شراب وہ ہے جس میں نشہ ہو، اب فقہ اسلامی نے پکانے کا انتہائی عمل (دو تہائی سے کم یا مکمل دو تہائی) اور شرعی حکم بتادیا، لیکن فنی باریکیوں کو بیان نہیں کیا کہ وہ کونسا مرحلہ یا شوگر کی وہ کتنی مقدار ہے جس میں نشہ پیدا ہونے کا امکان ہے، بلکہ یہ بات عملی تجربے اور ماہرینِ فن پر چھوڑ دی۔ واللہ اعلم

دوسری تعریف:

دوسری تعریف کے مطابق طلاء سے مراد انگور کا رس ہے جب اس کو اتنا پکایا جائے یا دھوپ وغیرہ کے ذریعے اتنا گرم کیا جائے، کہ اس کے کل مقدار کے دو ثلث (two-third) یعنی دو تہائی سے کم مقدار بخارات بن کر ختم ہو جائے، (اور ٹھنڈا ہونے کے بعد) اس میں ابال (بلبلے) پیدا ہو، اس کے ذائقے میں تیزی (شدت) آجائے، جھاگ چھوڑنے لگے اور اس میں نشہ پیدا ہو جائے۔

علامہ کاسانیؒ طلاء کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ طلاء انگور کے پکے ہوئے رس کو کہتے ہیں جب اس کے دو ثلث (two-third) سے کم اڑ جائے اور اس میں نشہ پیدا ہو جائے اور یہ (طلاء) باذق اور منصف کے تحت آتی ہے، اس لیے کہ باذق انگور کا وہ رس ہے جس کو ہلکا سا پکایا جائے اور منصف وہ ہے کہ جس میں انگور کا رس اتنا پکایا جائے کہ اس کا آدھا پک کر اڑ جائے اور آدھا باقی رہے، اور بعض کے مطابق طلاء وہ ہے جس میں انگور کے رس کے پورے دو تہائی اڑ جائے اور اس میں نشہ پیدا ہو۔ اور جمہوری وہ مثلث (پکانے کے بعد

ایک تہائی باقی ماندہ) انگور کا رس ہے کہ جس میں جتنا پانی (دو تہائی جو) اڑ گیا تھا اتنا پانی دوبارہ ملایا جائے اور اس کے بعد تھوڑا سا پکایا جائے، جس میں نشہ پیدا ہو۔(82)

نوٹ: علامہ کاسانی کا طلاء کو باذق اور منصف کے تحت داخل کرنا اور پھر جمہوری میں پانی ملانے کا عمل بتانا یہ سب اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حرمت کا اصل مدار اس پر نہیں کہ انگور کا رس مجموعی مقدار میں پک کر کتنا اڑا اور کتنا باقی رہا، بلکہ اصل مدار اس پر ہے کہ پکنے کے بعد اس کو نشے کے لیے استعمال کیا جائے چاہے یہ نشہ باقی پکے رس میں خود بخود پیدا ہو اور چاہے اس میں پانی ملا کر اس قابل بنایا گیا ہو کہ اس میں نشہ پیدا ہو سکے۔

صاحبِ ھدایہ علامہ مرغینانیؒ طلاء کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ انگور کا رس جب پکایا جائے یہاں تک کہ اس کے دو ثلث(two-third) سے کم مقدار اڑ جائے۔(83)

علامہ عبداللہ موصلی حنفی(متوفیٰ:638ھ)طلاء کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ جب اس کا دو ثلث سے کم مقدار اڑ کر ختم ہو جائے تو وہ طلاء ہے اور اگر نصف اڑ گیا تو وہ منصف ہے۔ اور اگر تھوڑا سا پک گیا تو وہ باذق ہے اور یہ سب اس وقت حرام ہیں جب ان میں جوش، بلبلے، شدت، تیزی، جھاگ اور نشہ پیدا ہو جائے۔۔(84)

صاحب کنزالدقائق نے بالکل یہی بات فرمائی ہے۔(85)

علامہ زیلعی متوفیٰ743ھ فرماتے ہیں کہ طلاء کہ یہی تعریف درست ہے جس میں دو ثلث سے کم مقدار کم کے اڑ کر ختم ہونے کا ذکر ہے اور اسی کو باذق بھی کہا جاتا ہے چاہے بخارات بن کر اڑنے والی مقدار کم ہو یا زیادہ، جب تک مکمل دو ثلث نہیں وہ طلاء ہی ہے۔ اور یہ سب جوش، تیزی جھاگ چھوڑنے اور نشہ کی شرط کے ساتھ حرام ہیں۔(86)

مکمل دو ثلث ختم ہو کر باقی رہنے والے مثلث کے بارے میں علامہ زیلعیؒ فرماتے ہیں کہ وہ حلال ہے۔ اس لیے کہ ایک تو ان کا پینا صحابہ سے ثابت ہے۔ امام ابوداؤدؒ نے

امام احمدؒ سے طلاء کے بارے میں پوچھا جب اس کے دو ثلث اڑ جائے اور ایک ثلث رہ جائے تو انھوں نے فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں، میں نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ اس میں نشہ ہوتا ہے، تو انھوں نے فرمایا کہ اس میں نشہ نہیں ہوتا اس لیے کہ اگر اس میں نشہ ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو کبھی بھی حلال قرار نہ دیتے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ انگور کا رس بذاتِ خود حلال اور انسانی صحت کے لیے ایک مفید غذا اور مشروب ہے، جب تک اس میں نشہ نہ ہو اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ۔ نیز محض اس حلال مشروب میں وہ برائیاں نہیں، جو خمر میں ہیں یعنی اللہ کی نافرمانی، آپس کی دشمنی وغیرہ۔(87)

صحیح بخاری میں بھی طلاء مثلث کے حلال ہونے اور صحابہ کرام سے اس کے پینے کا ذکر منقول ہے۔(88)

امام ابوحنیفہؒ اور امام ابویوسفؒ کے نزدیک نبیذ التمر اور نقیع الزبیب کا منصف تو حلال ہے لیکن انگور کے رس کا منصف حلال نہیں کیونکہ ان کے بقول انگور کا رس اگر اتنی مقدار میں پکایا بھی جائے کہ اس کا آدھا اڑ جائے پھر بھی اس کوئی چیز ملائے بغیر نشے کا کی صلاحیت وامکان باقی ہے، کہ اگر اس کو ایسے ہی چھوڑا جائے تو اس میں شدت، تیزی اور جوش و بلبلے پیدا ہو سکتے ہیں۔(89)

نوٹ: بندہ عرض کرتا ہے کہ اس مسئلے میں ماہرین کی مذکورہ بالا تیسری رائے کے

نوٹ: بندہ عرض کرتا ہے کہ اس مسئلے میں ماہرین کی مذکورہ بالا تیسری رائے کے مطابق نشہ پیدا ہونے کا امکان ہے اگرچہ اس میں الکحل کی مقدار و کیفیت مختلف ہی کیوں نہ ہو۔ ورنہ منصف (50٪ evaporated) میں زیادہ شوگر کی وجہ سے پہلی دو رائے کے مطابق پانی ملائے بغیر نشہ کا امکان ہی نہیں۔

مثلث (66.66٪ evaporated) کے حکم کے بارے میں علامہ کاسانیؒ فرماتے ہیں کہ جب تک وہ میٹھا غیر نشہ آور ہو، اس کا پینا بالاتفاق حلال ہے۔ اس کے علاوہ جمہوری کا بھی یہی حکم لکھا ہے۔(90)

یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ فقہ حنفی کی کتابوں میں طلاء یا دوسری پکی مشروبات کے بارے میں جو تفصیل ذکر ہے ان سب میں یہ بات مشترک ہے کہ انگور کا پکا ہوا رس اس وقت تک حلال نہیں جب تک اس کی دو تہائی مقدار مکمل طور پر اڑ نہ جائے۔ یہ باتیں اگرچہ اشربہ محرمہ کے ابواب میں مذکور ہیں لیکن بندہ کے خیال میں فقہاء کرام کا مقصد حرام کے ساتھ ساتھ انگور کے پکے رس کی حلال قسم کا بیان بھی ہے، جس میں انھوں حلال کی ابتدائی حد بیان کی ہے کہ جب دو ثلث مکمل اڑ جائے تو وہ حلال ہے۔ اس لیے کہ حرام سے بچنے اور یقینی حلال میٹھا مشروب کے حصول کے لیے انھوں نے گویا کہ شوگر کی وہ مقدار شرط کی جس میں یقینی طور پر الکحل کا پیدا ہونا ممکن نہیں۔

اور اگر دو ثلث مکمل نہیں اڑا تو اس کا حلال ہونا یقینی نہیں۔ تاہم وہ حرام ہے یا نہیں یا وہ کب حرام ہوتی ہے؟ اس کے لیے انھوں نے درحقیقت پکانے کے دوران کسی کم یا زیادہ مقدار کے اڑانے کی بات نہیں کی، اور شاید بیان بھی نہیں کیا جاسکتا اس لیے کہ خود ماہرین کی آراء اس میں مختلف ہے، البتہ اس کے لیے فقہاء کرام نے شرائط بیان کی ہیں کہ جب کسی بھی پکی میٹھی مشروب میں یہ شرائط پائی جائیں گی تو وہ حرام ہیں جب اس کے ذائقے میں تیزی آجائے، اس میں جوش، بلبلے اور جھاگ پیدا ہو اور اس میں نشہ آجائے۔ اب اس بات سے فقہاء کرام نے مقصودی بحث نہیں کی کہ وہ کونسی مقدار ہے کہ جس پر الکحل یا نشہ پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس کا آخری نتیجہ بیان کیا ہے کہ جب اس

میں نشہ پیدا ہو جائے چاہے وہ اسی پکے ہوئے رس میں ممکن ہو یا اس میں دوبارہ پانی ملا کر پتلا کیا جائے اور تب اس میں نشہ یا الکحل پیدا ہو۔ جس کی تفصیل گزر چکی۔

علامہ زیلعی متوفی طلاء کے باب میں فرماتے ہیں کہ انگور کا رس اس وقت تک حلال نہیں ہو تا جب تک اس کے مکمل دو ثلث اڑ نہ جائے۔(91)

علامہ عینیؒ نے بنایہ میں طلاء کی یہی تفصیل ذکر کی ہے۔(92)

علامہ عینیؒ نے حضرت ابو عبیدہ، حضرت معاذ ابن جبل، حضرت ابو طلحہ، حضرت علی، انس ابن مالک اور حضرت خالد بن ولید وغیرہ صحابہ رضی اللہ عنھم سے طلاء مثلث کے پینے کی روایتیں نقل کی ہیں۔ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ ان تمام روایات سے ثابت ہو تا ہے کہ انگور کے پکے ہوئے رس کا (اس وقت تک) پینا جائز ہے (جب تک اس میں نشہ نہ ہو۔) آخر میں صاحبِ استذکار کا قول نقل کیا ہے کہ فقہاء کرام کے درمیان مجھے انگور کے پکے ہوئے رس (جس کا دو تہائی اڑ گیا ہو اور ایک تہائی باقی ہو) کے جائز ہونے کے بارے میں کسی اختلاف کا علم نہیں، یعنی سب اس کے جواز پر متفق ہیں۔(93)

صاحبِ درر الحکام نے محیطِ برہانی سے نقل کیا ہے کہ حرام طلاء وہ ہے جس میں دو ثلث اڑ گئے ہوں، اور اس میں نشہ پیدا ہوا ہو اور اسی کو صحیح قرار دیا ہے، لیکن اس پر حاشیہ میں علامہ شرنبلالی نے رد کیا ہے کہ محیطِ برہانی کی یہ بات نہ تو نام کے اعتبار سے صحیح ہے اور نہ ہی حکم کے اعتبار سے درست ہے، حکم میں اس لیے درست نہیں کہ احناف کی دیگر مشہور کتابوں مثلاً ہدایہ، کافی، کنز، وغیرہ میں دو ثلث سے کم کو طلاء کہا گیا ہے، مثلث کو نہیں۔ اور نام کے اعتبار سے اس لیے درست نہیں کہ طلاء محض نام اور لفظ میں بہت ساری چیزوں کو بولتے ہیں، مثلاً اس کا اطلاق انگور کے پکے ہوئے رس کی تمام اقسام کو کہتے ہیں، چاہے وہ دو ثلث سے کم اڑا ہو، آدھا اڑا ہو، یا مکمل دو ثلث اڑا ہو۔(94)

نوٹ: علامہ شرنبلالی کی اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ طلاء درحقیقت انگور کے پکے ہوئے رس کو کہتے ہیں جس کی کچھ صورتیں حلال ہیں اور کچھ صورتیں حرام ہیں، جو حلال ہیں وہ وہی قسمیں ہیں جن میں نشہ نہیں ہوتا اور جن کا پینا صحابہ سے ثابت ہے اور جن کا ذکر بخاری، ابوداؤد، نسائی وغیرہ کی احادیث میں ہے اور جو حرام ہیں وہ وہی قسمیں ہیں جن میں نشہ ہوتا ہے اور جس کا ذکر احناف کی کتابوں میں ہوتا ہے۔

صاحبِ ملتقی الابحر نے بھی طلاء کی یہی تفصیل ذکر کی ہے۔ فرماتے ہیں جب مکمل دو ثلث اڑ جائے تو وہ حلال ہے چاہے اس میں شدت کیوں نہ ہو۔(95)

علامہ ابن نجیمؒ نے بھی طلاء کی اصل تعریف جمہور احناف کے مطابق نقل کی ہے البتہ انھوں نے بھی محیط برہانی اور صاحبِ ینابیع کا قول نقل کیا ہے، جس میں مثلث کو طلاء کہا گیا ہے۔(96)

علامہ آفندی متوفیٰ 1078ھ نے بھی یہی تفصیل نقل کی ہے۔(97)

صاحبِ لباب علامہ عبد الغني بن طالب الميداني الحنفي (متوفی: 1298ھ) نے بھی طلاء کی یہی تفصیل ذکر کی ہے(98)

علامہ شامیؒ نے بھی یہی تفصیل نقل کی ہے، البتہ انھوں نے صاحبِ محیط کا یہ کہہ کر دفاع کیا ہے کہ وہ مثلث کو طلاء محض نام کے اشتراک کی وجہ سے کہتے ہیں، ورنہ طلاء اور مثلث کا حکم ان کے نزدیک بھی ایک نہیں ہوسکتا کیوں کہ مثلث کا استعمال بڑے بڑے صحابہ سے ثابت ہے۔(99)

اگر علامہ شامی کی اس تاویل کو مانا جائے تو پھر احناف کے نزدیک امام ابو حنیفہ اور امام ابویوسف کی رائے کے مطابق جو طلاء حرام ہے وہ انگور کو پکا ہوا رس ہے جس کے دو

ثلث سے کم مقدار بخارات بن کر اڑ جائے اور ایک ثلث سے زیادہ باقی رہے۔ اگر مکمل دو ثلث اڑ گئے تو وہ حلال طلاء ہے جس کا پینا صحابہ سے ثابت ہے۔

علامہ شامیؒ نے طلاء کی تفصیل میں فرماتے ہیں کہ طلاء انگور کا وہ رس ہے جس کو پکایا جائے چاہے آگ پر ہو یا دھوپ پر۔ یہاں تک کہ اس کے دو ثلث یعنی دو تہائی سے کم مقدار اڑ جائے اور اور ایک ثلث سے کچھ زائد باقی رہ جائے۔ دو ثلث سے کم اس لیے کہا کہ اگر مکمل دو ثلث اڑ گیا تو وہ جب تک میٹھا غیر نشہ آور ہے بالاتفاق حلال ہے۔ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے ہاں، جب تک نشہ نہیں، حلال ہے چاہے اس کے اندر شدت اور غلیان بھی پیدا ہو، البتہ امام محمد کی رائے اس کے خلاف ہے (ان کے نزدیک مطلقاً حرام ہے)۔(100)

اس سے یہ معلوم ہوا کہ عملِ تبخیر (Evaporation) کے لیے ضروری نہیں کہ اس کو آگ پر پکایا جائے بلکہ کسی بھی طریقے سے انگور کے رس کو پکا کر اس کے اندر موجود پانی کی مقدار کو کم کرنے کا عمل اختیار کیا جائے۔

علامہ شامیؒ طلاء میں نشہ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جب اس میں جوش، بلبلے، تیزی، اور جھاگ پیدا ہو جائے، ہاں جب تک وہ میٹھا ہے وہ حلال ہے۔(101)

علامہ شامیؒ کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ صدیوں پہلے فقہاء کرام نے پکی شراب کے بارے میں جو بات فرمائی ہے اس کا وہی مطلب ہے جس نتیجے پر آج کے ماہرینِ فن پہنچے ہیں کہ جب تک وہ میٹھا ہے وہ حلال ہے اور جب اس میں میٹھاس کی جگہ شراب کا ذائقہ اور نشہ پیدا ہو جائے تب حرام ہے۔ جس کی تعبیر جدید سائنس کی اصطلاح میں شاید یہی ہوتی ہے کہ جب تک اس میں شوگر کی مقدار زیادہ ہے تو اس میں نشہ آور تخمیر

(Ethanol fermentation) نہیں ہو سکتی، البتہ اس میٹھے مادے میں پانی ملا کر پتلا کرنے (dilution) یا کسی بھی دوسرے عمل کے بعد الکحل کی پیدائش (Ethanol Production) ممکن ہو سکتی ہے۔

دونوں تعریفوں میں وجہ فرق:

طلاء کی ان دو تعریفوں میں وجہ فرق یہ ہے کہ پہلی تعریف میں پکانے وغیرہ کے نتیجے میں مکمل دو ثلث اڑانے کا ذکر ہے، جبکہ دوسری تعریف میں دو ثلث سے کچھ کم اڑانے کا ذکر ہے۔

طلاء کی راجح تعریف:

دوسری تعریف اکثر فقہاء احناف سے منقول ہے اور محققین احناف کے مطابق یہی تعریف راجح ہے جیسا کہ علامہ شامیؒ، علامہ شرنبلالیؒ وغیرہ کی عبارات سے واضح ہوا۔

سوال: طلاء کی وجہ تسمیہ کیا ہے اور اس کے شرعی حکم کی وجہ کیا ہے؟

جواب: طلاء کے بارے میں فقہاء احناف پکانے کے بعد دو ثلث (two-third) سے کم اڑنے کی جو شرط لگاتے ہیں اس کی دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے مروی ایک روایت ہے، جس میں یہ ذکر ہے کہ انھوں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو ایک خط لکھا تھا کہ میرے پاس شام سے ایک قسم کا مشروب لایا گیا ہے جس کو اتنا پکایا گیا ہے کہ اس کے دو تہائی اڑ گیا ہے اور ایک تہائی باقی رہ گیا ہے۔ جواب صرف حلال چیز رہ گئی ہے اور حرام یعنی نشہ کا امکان چلا گیا ہے اور اس کی بدبو بھی ختم ہو گئی ہے، لہٰذا آپ اپنی طرف سے ایسی مشروب کی اجازت کا حکم نامہ جاری کر دیں اور لوگ اس اپنی مشروبات میں اس کا اضافہ کر سکتے ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے فقہاء کرام نے یہ استدلال کیا کہ پورا دو تہائی اگر پک کر اڑ جائے اور ایک ثلث (one-third) رہ جائے تو یہ حلال ہے اور اگر پک کر دو ثلث (two-third) سے کم اڑ جائے اور ایک ثلث (one-third) سے کچھ زائد رہ جائے تو یہ حرام ہے اس لیے کہ جب تک مکمل دو تہائی نہیں اڑ تا تو اس میں نشے کی قوت (Ethanol fermentation and potential) باقی ہے۔(102)

بندہ عرض کرتا ہے کہ فقہاء کرام نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت سے حلال کی جانب آخری مقدار کو بظاہر مدار بنایا اور اس سے کم مقدار میں نشے کے امکان کی وجہ سے مطلقاً حرام کا حکم لگایا، لیکن اس میں بھی ایک بات تمام فقہاء کرام کے درمیان مشترک ہے کہ یہ حرام نشے کی شرط، قوت اور امکان (Ethanol fermentation and potential) کے ساتھ مشروط ہے۔ اگر نشہ پیدا ہوا ہے تو حرام ہے نشہ پیدا نہیں ہوا تو حرام نہیں۔(103)

چناں چہ علامہ کاسانیؒ کھجور کی تھوڑی سی پکی ہوئی نبیذ اور نقیع الزبیب (کشمش جب پانی میں بھگویا جائے) اور ان دونوں کا منصف (جس میں آدھی مقدار اڑ گئی ہو) کا حکم بیان کرتے ہیں کہ اس کا پینا امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک حلال اور پاک ہے، البتہ نشہ آور مقدار حرام ہے۔(104)

خلاصہ بحث:

- لغوی طور پر لفظِ طلاء انگور کے ہر قسم کے پکے رس کو کہتے ہیں۔
- اصطلاحی طور پر انگور سے بننے والی نشہ آور پکی شراب کو "طلاء" کہتے ہیں۔
- فقہ حنفی میں طلاء کی دو اصطلاحی تعریفیں مذکور ہیں۔ ایک کے مطابق جب انگور کا رس گرم ہونے کے بعد مکمل دو تہائی مقدار، دوسری تعریف کے مطابق دو

تہائی سے کم مقدار میں ختم ہو جائے، اور اس کے بعد اس میں ابال (بلبلے)، ذائقے میں تیزی (شدت) آ جائے، جھاگ اور نشہ پیدا ہو۔ محققین احناف کے مطابق دوسری تعریف راجح ہے۔

- ماہرین کے مطابق انگور کے رس یا کسی بھی میٹھی سیال چیز میں موجود پانی کو پکا کر یا کسی بھی دوسرے طریقے سے گرم کر کے ایک خاص مقدار سے زیادہ اڑا کر ختم (Evaporate) کیا جائے، تو بقایا میٹھی مشروب میں دوبارہ پانی ملائے (Dilute) کیے بغیر شوگر کی زیادہ مقدار کی وجہ سے اس میں خمیر (Yeast) کام نہیں کر سکتا، لہذا اس میں نشہ بھی نہیں ہو گا، خمیر (Yeast) کو عمل سے روکنے کے لیے شوگر کی یہ آخری حد بعض ماہرین کے مطابق 14 فیصد، بعض کے مطابق 27 فیصد اور بعض کے مطابق شہد میں موجود شوگر کی حد (82.1 فیصد) تک ہے۔
- ماہرین کی آراء کی رو سے بظاہر فقہ اسلامی میں طلاء یا دوسری پکی میٹھی مشروبات کو حرام یا نشہ آور کہنا بظاہر درست نہیں کیوں کہ انگور کے رس (Juice) میں ماہرین کے مطابق 14 فیصد تک شوگر ہوتی ہے، لہذا اگر تقریباً دو تہائی (two-third) یا اس سے کچھ کم مقدار کو اڑایا جائے تو اس میں شوگر کی مقدار تقریباً 42 فیصد ہو جائے گی جس میں پہلی دو رائے کے مطابق نشے کا امکان نہیں، جب تک اس میں مزید پانی نہ ملایا جائے؟
- اس کا جواب یہ ہے کہ ماہرین کی مذکورہ بالا تینوں رائے درست ہو سکتی ہیں، لیکن اس کے باوجود کسی بھی رائے کا فقہاء کرام کی آراء سے کوئی تضاد نہیں۔ کیوں کہ نتیجتاً دونوں ایک ہی نکتے پر متفق ہیں کہ پکی شراب وہ ہے جس میں

نشہ ہو، شرعی نقطہ نظر سے پکی شرابوں کی حقیقت وماہیت اور حرام ہونے کا اصل مدار اس پر نہیں کہ انگور یا کھجور کا رس کتنا پک کر اڑ گیا اور کتنا باقی رہا، بلکہ اصل مدار اس پر ہے کہ انگور اور کھجور کے رس کو نشے کے مقصد کے لیے کچا استعمال کرنے کے بجائے پکایا جائے، چاہے اس پکے ہوئے مادے میں نشہ اسی حالت میں پیدا ہو جائے یا اس میں دوبارہ پانی ملا کر پتلا (Dilute) کیا جائے۔

- فقہ اسلامی نے شرعی حکم بتا کر فنی باریکیوں کو بیان نہیں کیا، بلکہ یہ بات عملی تجربے اور ماہرینِ فن پر چھوڑ دی، لہٰذا تجربے کی رو سے جہاں نشہ ثابت ہو گا وہاں شرعی حکم متوجہ ہو گا۔
- فقہاء کرام نے انگور کے پکے رس سے بنی یقینی حلال مشروب کا بیان کی ابتدائی حد بیان کی کہ جب دو تہائی مکمل اڑ جائے یعنی شوگر لیول کی وہ مقدار جس میں یقینی طور پر الکحل کا پیدا ہونا ممکن نہیں۔

مراجع ومصادر

(References)

1 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (3/ 239)

[مطلب في تعريف السكران وحكمه]

(قوله أو سكران) السكر: سرور يزيل العقل فلا يعرف به السماء من الأرض. وقال: بل يغلب على العقل فيهذي في كلامه، ورجحوا قولهما في الطهارة والأيمان والحدود. وفي شرح بكر: السكر الذي تصح به التصرفات أن يصير بحال يستحسن ما يستقبحه الناس وبالعكس. لكنه يعرف الرجل من المرأة قال في البحر: والمعتمد في المذهب الأول نهر. قلت: لكن صرح المحقق ابن الهمام في التحرير أن تعريف السكر بما مر عن الإمام إنما هو السكر الموجب للحد، لأنه لو ميز بين الأرض والسماء كان في سكره نقصان وهو شبهة العدم فيندرئ به الحد وأما تعريفه عنده في غير وجوب الحد من الأحكام فالمعتبر فيه عنده اختلاط الكلام والهذيان كقولهما. ونقل شارحه ابن أمير حاج عنه أن المراد أن يكون غالب كلامه هذيانا، فلو نصفه مستقيما فليس بسكر فيكون حكمه حكم الصحاة في إقراره بالحدود وغير ذلك لأن السكران في العرف من اختلط جده بهزله فلا يستقر على شيء، ومال أكثر المشايخ إلى قولهما، وهو قول الأئمة الثلاثة واختاروه للفتوى لأنه المتعارف، وتأيد بقول علي – رضي الله عنه – إذا سكر هذى رواه مالك والشافعي، ولضعف وجه قوله ثم بين وجه الضعف فراجعه.

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (4/ 41)

(والسكران من لا يفرق بين) الرجل والمرأة و (السماء والأرض. وقالا: من يختلط كلامه) غالبا، فلو نصفه مستقيما فليس بسكران بحر (ويختار للفتوى) لضعف دليل الإمام فتح. [رد المحتار]: (قوله والسكران إلخ) بيان لحقيقة السكر الذي هو شرط لوجوب الحد في شرب ما سوى الخمر من الأشربة، ولما كان السكر متفاوتا اشترط الإمام أقصاه درءا للحد، وذلك بأن لا يميز بين شيء وشيء؛ لأن ما دون ذلك لا يعرى عن شبهة الصحو، نعم وافقهما الإمام في حق حرمة القدر المسكر من الأشربة المباحة فاعتبر فيها اختلاط الكلام، وهذا معنى قوله في الهداية: والمعتبر في القدر المسكر في حق الحرمة ما قالاه إجماعا أخذا بالاحتياط.

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 23)

ذهب المالكية والشافعية والحنابلة وصاحبا أبي حنيفة وغيرهم إلى أن السكران هو الذي يكون غالب كلامه الهذيان، واختلاط الكلام، لأن هذا هو السكران في عرف الناس وعاداتهم، فإن السكران في متعارف الناس اسم لمن هذى

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 24)

وذهب أبو حنيفة إلى أن السكر الذي يتعلق به وجوب الحد هو الذي يزيل العقل بحيث لا يفهم السكران شيئا، ولا يعقل منطقا، ولا يفرق بين الرجل والمرأة، والأرض والسماء، لأن الحدود يؤخذ في أسبابها بأقصاها، درءا للحد، لقوله عليه الصلاة والسلام: {ادرءوا الحدود عن المسلمين ما استطعتم} وقول الصاحبين أبي يوسف ومحمد مال إليه أكثر المشايخ من الحنفية، وهو المختار للفتوى عندهم. قال في الدر: يختار للفتوى لضعف دليل الإمام.

2 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 458)

بقي هنا شيء لم أر من نبه عليه عندنا، وهو أنه إذا اعتاد أكل شيء من الجامدات التي لا يحرم قليلها ويسكر كثيرها حتى صار يأكل منها القدر المسكر ولا يسكره سواء أسكره في ابتداء الأمر أو لا، فهل يحرم عليه استعماله نظرا إلى أنه يسكر غيره أو إلى أنه قد أسكره قبل اعتياده أم لا يحرم نظرا إلى أنه طاهر

مباح، والعلة في تحريمه الإسكار ولم يوجد بعد الاعتياد وإن كان فعله الذي أسكره قبله حراما، كمن اعتاد أكل شيء مسموم حتى صار يأكل ما هو قاتل عادة ولا يضره كما بلغنا عن بعضهم فليتأمل، نعم صرح الشافعية بأن العبرة لما يغيب العقل بالنظر لغالب الناس بلا عادة

3 { يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ} [المائدة: 90]

صحيح البخاري (8/ 30)

عن سعيد بن أبي بردة، عن أبيه، عن جده، قال: لما بعثه رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعاذ بن جبل، قال لهما: «يسرا ولا تعسرا، وبشرا ولا تنفرا، وتطاوعا» قال أبو موسى: يا رسول الله، إنا بأرض يصنع فيها شراب من العسل، يقال له البتع، وشراب من الشعير، يقال له المزر؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «كل مسكر حرام»

صحيح مسلم (3/ 1587): عن ابن عمر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: «كل مسكر خمر، وكل مسكر حرام»

سنن ابن ماجه (2/ 1124) قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «كل مسكر، حرام، وما أسكر كثيره، فقليله حرام» [حكم الألباني] صحيح

سنن الترمذي ت شاكر (4/ 293)

عن عائشة قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «كل مسكر حرام، ما أسكر الفرق منه فملء الكف منه حرام»[حكم الألباني] : صحيح

4 { يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ} [المائدة: 90]

تفسير القرطبي (12/ 54): الرجس النجس

البحر المحيط في التفسير (4/ 360): الجمهور على أنها نجسة العين لتسميتها رجسا، والرجس النجس المستقذر.

فتح القدير للشوكاني (2/ 196): والضمير في فإنه راجع إلى اللحم أو إلى الخنزير. والرجس: النجس

أحكام القرآن للجصاص ط العلمية (2/ 583): يراد بالرجس النجس

أسنى المطالب في شرح روض الطالب (1/ 9): لأنها رجس بنص القرآن، والرجس النجس

5 صحيح البخاري (3/ 82)

عن عائشة رضي الله عنها: لما نزلت آيات سورة البقرة عن آخرها، خرج النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: «حرمت التجارة في الخمر»

صحيح البخاري (5/ 150)

عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما، أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول عام الفتح: وهو بمكة «إن الله ورسوله حرم بيع الخمر»

صحيح مسلم (3/ 1207)

عن جابر بن عبد الله، أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول عام الفتح وهو بمكة: «إن الله ورسوله حرم بيع الخمر، والميتة، والخنزير، والأصنام»، فقيل: يا رسول الله، أرأيت شحوم الميتة، فإنه يطلى بها السفن، ويدهن بها الجلود، ويستصبح بها الناس، فقال: «لا، هو حرام»، ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عند ذلك: «قاتل الله اليهود، إن الله عز وجل لما حرم عليهم شحومها أجملوه، ثم باعوه فأكلوا ثمنه»

صحيح مسلم (3/ 1206): «إن الذي حرم شربها حرم بيعها»

6 نهاية المحتاج إلى شرح المنهاج (1/ 235)

ولا يرد على ما تقدم الخمرة المنعقدة فإنها جامدة وهي نجسة والحشيشة المذابة فإنها طاهرة، لأن الخمرة المنعقدة مائعة في الأصل بخلاف الحشيشة المذابة.

مغني المحتاج إلى معرفة معاني ألفاظ المنهاج (1/ 225)

والتقييد بالمائع من زيادته ذكر بغير تمييز، وخرج به البنج ونحوه من الحشيش المسكر فإنه ليس بنجس، وإن كان حراما: قاله في الدقائق، فإن قيل: كان ينبغي للمصنف أن يقيدها بالأصالة لئلا يرد عليه الخمر إذا جمدت والحشيشة إذا أذيبت.

أجيب بأن الخمر مائعة في الأصل، وقد حكم بنجاستها وهي مائعة ولم يحدث ما يطهرها بخلاف الحشيش المذاب.

فائدة: قال بعض المتعنتين: إن الكشك نجس؛ لأنه يتخمر كالبوظة، ثم قال: وهل

مغني المحتاج إلى معرفة معاني ألفاظ المنهاج (1/ 226)

يكون جفافه كالتخلل في الخمر فيطهر أو يكون كالخمر المعقودة فلا يطهر؟ قال شيخي: لا اعتبار بقول هذا القائل فإنه لو فرض أنه صار مسكرا لكان طاهرا؛ لأنه ليس بمائع اهـــ.

ويؤخذ منه أن البوظة طاهرة وهو كذلك. فإن قيل: كان ينبغي للمصنف أن يقول مسكر الجنس لئلا ترد عليه القطرة من الخمر مثلا.

أجيب بأنه سيذكر في باب الأشربة أن ما أسكره كثيره حرم قليله وحد شاربه، فعلم من ذلك نجاسة القليل كالكثير للتسوية بينهما فيما ذكر.

المنهاج القويم شرح المقدمة الحضرمية (ص: 52): كل مسكر مائع أصالة

مغني المحتاج شرح منهاج الطالبين 1\77 ط دار الفكر

وَخَرَجَ بِهِ الْبَنْجُ وَنَحْوُهُ مِنْ الْحَشِيشِ الْمُسْكِرِ فَإِنَّهُ لَيْسَ بِنَجِسٍ , وَإِنْ كَانَ حَرَامًا : قَالَهُ فِي الدَّقَائِقِ , فَإِنْ قِيلَ : كَانَ يَنْبَغِي لِلْمُصَنِّفِ أَنْ يُقَيِّدَهَا بِالأَصَالَةِ لِئَلا يَرِدَ عَلَيْهِ الْخَمْرُ إذَا جَمَدَتْ وَالْحَشِيشَةُ إذَا أُذِيبَتْ . أُجِيبَ بِأَنَّ الْخَمْرَ مَائِعَةٌ فِي الأَصْلِ , وَقَدْ حُكِمَ بِنَجَاسَتِهَا وَهِيَ مَائِعَةٌ وَلَمْ يَحْدُثْ مَا يُطَهِّرُهَا بِخِلافِ الْحَشِيشِ الْمُذَابِ . فَائِدَةٌ : قَالَ بَعْضُ الْمُتَعَنِّتِينَ : إنَّ الْكَشْكَ نَجِسٌ ; لأَنَّهُ يَتَخَمَّرُ كَالْبُوظَةِ , ثُمَّ قَالَ : وَهَلْ يَكُونُ جَفَافُهُ كَالتَّخَلُّلِ (1) فِي الْخَمْرِ فَيَطْهُرُ أَوْ يَكُونُ كَالْخَمْرِ الْمَعْقُودَةِ فَلا يَطْهُرُ ؟ قَالَ شَيْخِي : لا اعْتِبَارَ بِقَوْلِ هَذَا الْقَائِلِ فَإِنَّهُ لَوْ فُرِضَ أَنَّهُ صَارَ مُسْكِرًا لَكَانَ طَاهِرًا ; لأَنَّهُ لَيْسَ بِمَائِعٍ ا هـــ . وَيُؤْخَذُ مِنْهُ أَنَّ الْبُوظَةَ طَاهِرَةٌ وَهُوَ كَذَلِكَ . فَإِنْ قِيلَ : كَانَ يَنْبَغِي لِلْمُصَنِّفِ أَنْ يَقُولَ مُسْكِرُ الْجِنْسِ لِئَلا تَرِدَ عَلَيْهِ الْقَطْرَةُ مِنْ الْخَمْرِ مَثَلا . أُجِيبَ بِأَنَّهُ سَيَذْكُرُ فِي بَابِ الأَشْرِبَةِ أَنَّ مَا أَسْكَرَهُ كَثِيرُهُ حَرُمَ قَلِيلُهُ وَحُدَّ شَارِبُهُ , فَعُلِمَ مِنْ ذَلِكَ نَجَاسَةُ الْقَلِيلِ كَالْكَثِيرِ لِلتَّسْوِيَةِ بَيْنَهُمَا فِيمَا ذُكِرَ . ثُمَّ اعْلَمْ أَنَّ الأَعْيَانَ جَمَادٌ وَحَيَوَانٌ , فَالْجَمَادُ كُلُّهُ طَاهِرٌ ; لأَنَّهُ خُلِقَ لِمَنَافِعِ الْعِبَادِ , وَلَوْ مِنْ بَعْضِ الْوُجُوهِ . قَالَ تَعَالَى : { هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الأَرْضِ جَمِيعًا } وَإِنَّمَا يَحْصُلُ الانْتِفَاعُ أَوْ يَكْمُلُ بِالطَّهَارَةِ إلا مَا نَصَّ الشَّارِعُ عَلَى نَجَاسَتِهِ : وَهُوَ مَا ذَكَرَهُ الْمُصَنِّفُ فِيمَا مَرَّ بِقَوْلِهِ : كُلُّ مُسْكِرٍ مَائِعٍ .

7 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (4/ 42)

أقول: المراد بما أسكر كثيره إلخ من الأشربة، وبه عبر بعضهم وإلا لزم تحريم القليل من كل جامد إذا كان كثيره مسكرا كالزعفران والعنبر، ولم أر من قال بحرمتها، حتى إن الشافعية القائلين بلزوم الحد بالقليل مما أسكر كثيره خصوه بالمائع، وأيضا لو كان قليل البنج أو الزعفران حراما عند محمد لزم كونه نجسا؛ لأنه قال ما أسكر كثيره فإن قليله حرام نجس، ولم يقل أحد بنجاسة البنج ونحوه. وفي كافي الحاكم من الأشربة: ألا ترى أن البنج لا بأس بتداويه، وإذا أراد أن يذهب عقله لا ينبغي أن يفعل ذلك. اهـــ. وبه علم أن المراد الأشربة المائعة، وأن البنج ونحوه من الجامدات إنما يحرم إذا أراد به السكر وهو الكثير منه، دون القليل المراد به التداوي ونحوه كالتطيب بالعنبر وجوزة الطيب، ونظير ذلك ما كان سميا قتالا كالمحمودة وهي السقمونيا ونحوها من الأدوية السمية فإن استعمال القليل منها جائز، بخلاف القدر المضر فإنه يحرم، فافهم واغتنم هذا التحرير

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 458)

والحاصل أن استعمال الكثير المسكر منه حرام مطلقا كما يدل عليه كلام الغاية. وأما القليل، فإن كان للهو حرام، وإن سكر منه يقع طلاقه لأن مبدأ استعماله كان محظورا، وإن كان للتداوي وحصل منه إسكار فلا، فاغتنم هذا التحرير المفرد.

حاشية البجيرمي على شرح المنهج = التجريد لنفع العبيد (1/ 97). وخرج بالمائع غيره كبنج وحشيش مسكر فليس بنجس، وإن كان كثيره حراما

8 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 457)

فهذا صريح فيما قلناه مؤيد لما سبق بحثناه من تخصيص ما مر من أن ما أسكر كثيره حرم قليله بالمائعات، وهكذا يقول في غيره من الأشياء الجامدة المضرة في العقل أو غيره، يحرم تناول القدر المضر منها دون القليل النافع، لأن حرمتها ليست لعينها بل لضررها.

حاشية البجيرمي على شرح المنهج = التجريد لنفع العبيد (1/ 97)

(باب) في النجاسة وإزالتها (النجاسة) لغة ما يستقذر. وشرعا بالحد: مستقذر يمنع صحة الصلاة حيث لا مرخص وبالعد (مسكر مائع) كخمر، وخرج بالمائع غيره كبنج وحشيش مسكر فليس بنجس،

التنبيه على مبادئ التوجيه – قسم العبادات (1/ 228). فأما الجمادات فجميعها طاهر إلا الخمر وما في معناه عند مالك رحمه الله، والشافعي كل مسكر.

الشرح الكبير للشيخ الدردير وحاشية الدسوقي (4/ 352)

